Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل، 30 جون 2026ء، 14 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 76

اختیارات کا ناجائز استعمال کرنیوالے اہلکاروں کی پیرا میں کوئی جگہ نہیں، مریم نواز

پیرا فورس کی کارروائیوں کیلئے ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی قرار، کلر کہار ٹریننگ اکیڈمی پر کام شروع، جون 2027 تک پیرا کی اپنی مستقل بھرتی کا عمل مکمل

عدالتی محاذ پر پیرا کی تاریخی کامیابی، 136 رٹ پٹیشنز میں سے 99 فیصد کیسز پیرا کے حق میں فیصلہ، جوڈیشل مجسٹریٹ اور ہیئرنگ افسران کے پاس پیرا کے 98 فیصد کیسز میں کامیابی

اینٹی انکروچمنٹ کارروائی سے پہلے نوٹس اور خبردار کرنا لازمی ہوگا، اینٹی انکروچمنٹ، پرائس کنٹرول کے علاوہ ہر ایکشن کیلئے پیشگی ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

اقوام متحدہ کے خصوصی ایلچی اور اقوام متحدہ کے تہذیبوں کے اتحاد (UNAOC) کے اعلیٰ نمائندے مسٹر میگوئل انخیل موراٹینوس نے وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی کارکردگی سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پیرا کی کارکردگی، ڈیجیٹلائزیشن، قانونی فریم ورک اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں پیرا فورس کی کارروائیوں کو مانیٹر کرنے کے لیے ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی قرار دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم (بقیہ نمبر 33)

پی ٹی اے کی واٹس ایپ صارفین کیلئے اہم ایڈوائزری جاری

بلاک یا ڈی ایکٹیویٹ سم سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹ ناقابلِ رسائی ہو سکتے ہیں

صارفین واٹس ایپ اکاؤنٹ کے اچانک لاگ آؤٹ ہونے سے پہلے ضروری اقدامات کریں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے واٹس ایپ صارفین کے لیے اہم ایڈوائزری جاری کردی، جس سے غیر فعال یا غیر رجسٹرڈ سم سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹ متاثر ہو سکتا ہے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق بلاک یا ڈی (بقیہ نمبر 34)

افغان شہریوں کی گرفتاری کیلئے بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

غیر قانونی افغان باشندوں کی گرفتاری کے لئے 10 جولائی کی ڈیڈ لائن مقرر

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی گرفتاری کیلئے بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزارت داخلہ نے 10 جولائی کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کر دی۔ وزارت داخلہ نے حکم دیا ہے کہ 10 جولائی (بقیہ نمبر 36)

پری مون سون بارشوں کی پیشگوئی، سیلاب کا خطرہ

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے تیار رہیں، این ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے ملک کے مختلف شہروں میں 3 جولائی تک وقفے وقفے سے پری مون سون بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ اعلامیے کے مطابق مسلسل سخت گرمی اور جولائی کے پہلے ہفتے میں (بقیہ نمبر 37)

یونین کونسلز کی حد بندی کا نظر ثانی شدہ شیڈول جاری

4 جولائی تک حد بندی پر اعتراضات دائر کئے جاسکیں گے، الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں یونین کونسلز کی حد بندی کا نظر ثانی شدہ شیڈول جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق 4 جولائی تک حد بندی پر (بقیہ نمبر 35)

زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، شہباز شریف

معاشی استحکام کی جانب سفر جاری

وزیراعظم شہباز شریف کی پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد مرتب کرنے کی ہدایت

زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو صحیح معنوں میں زرعی تحقیق کا مرکز بنانے اور صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد از جلد مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ کہا ہے کہ زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پیر کو اپنی زیر صدارت وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی تنظیم نو اور زرعی شعبے میں اصلاحات سے متعلق اہم جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کی تبدیلی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کی مجموعی فزیکل پراگریس 92 فیصد سے تجاوز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کی مجموعی فزیکل پراگریس 92 فیصد سے تجاوز کر گئی، صرف 6 ماہ کی قلیل مدت میں بیشتر کام مکمل کر لیے (بقیہ نمبر 39)

مریم نواز کی سرگودھا آمد کے سلسلے میں استقبال کی تیاریاں شروع

15 جولائی کو گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا افتتاح کریں گی

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 15 جولائی کو سرگودھا آمد پر گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا افتتاح کریں گی جن کی آمد کے حوالہ سے ان کے شایان شان استقبال کی تیاریاں شروع کر (بقیہ نمبر 38)

پاکستان کے پانی پر ہاتھ ڈالنے والے کا ہاتھ کاٹ دینگے

پاکستان واضح کر چکا ہے وہ اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتا نہیں کریگا، وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی مصدق ملک

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے ہمیشہ کہا ہے کہ پانی ہماری بقا کا معاملہ ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی مصدق ملک نے ایک بار پھر بھارت کو دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا ہے کہ جو بھی پاکستان کے پانی پر ہاتھ ڈالے گا اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان واضح کر چکا ہے کہ وہ اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتا نہیں کریگا، جو پاکستان کے (بقیہ نمبر 53)

مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن سنٹر آف ایکسی لینس کا افتتاح

بچوں کیساتھ ملاقات، نئی سہولیات کے بارے میں عملے سے تفصیلی بریفنگ، بچوں کا وزیراعلیٰ مریم نواز سے دل کی گہرائیوں سے اظہار تشکر

وزیراعلیٰ مریم نواز نے خصوصی بچوں کی بہتری کیلئے بھرپور وسائل فراہم کیے ہیں، خصوصی بچے ان کی اولین ترجیح ہیں، ثانیہ عاشق

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاون خصوصی برائے اسپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے فیصل آباد میں مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن، سنٹر آف ایکسی لینس کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ خصوصی بچوں کے لیے شاندار اقدام کر رہا ہے۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ ثانیہ عاشق نے سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن اور ڈی (بقیہ نمبر 40)

انسداد دہشت گردی عدالت؛ سانحہ چکرا گوٹھ کا فیصلہ موخر

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں سانحہ چکرا گوٹھ کیس کا فیصلہ موخر کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ فیصلہ خصوصی عدالت کے جج کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے باعث نہ سنایا جا سکا۔ پولیس کے مطابق زمان ٹاؤن تھانے میں ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے رئیس ماما، عمران، (بقیہ نمبر 41)

پاکستان کے پانی پر ہاتھ ڈالنے والے کا ہاتھ کاٹ دینگے

پاکستان واضح کر چکا ہے وہ اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتا نہیں کریگا، وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی مصدق ملک

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے ہمیشہ کہا ہے کہ پانی ہماری بقا کا معاملہ ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی مصدق ملک نے ایک بار پھر بھارت کو دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا ہے کہ جو بھی پاکستان کے پانی پر ہاتھ ڈالے گا اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان واضح کر چکا ہے کہ وہ اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتا نہیں کریگا، جو پاکستان کے (بقیہ نمبر 53)

حیدرآباد، کراچی گلستان جوہر میں رینجرز آفس پر حملے میں شہید ہونے والے رینجرز اہلکار ذیشان یوسف مسیح کو افسران اور جوان سلامی پیش کر رہے ہیں

توانائی کے شعبے میں اہم پیشرفت، روزانہ 2 ہزار بیرل خام تیل کی پیداوار شروع

او جی ڈی سی ایل نے تیل ذخائر کی دریافت پر پاکستان سٹاک ایکسچینج کو خط لکھ دیا

کراچی (این این آئی) صوبہ سندھ میں واقع سانگھڑ سے پہلی بار یومیہ 2 ہزار بیرل خام تیل کی پیداوار شروع ہوگئی۔ او جی ڈی سی ایل نے تیل ذخائر کی دریافت پر (بقیہ نمبر 54)

ڈی جی ٹی ڈیپ رافعہ سید کا لاہور چیمبر کے دورے کے موقع پر صدر فہیم الرحمٰن سہگل و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

چیئرمین سی ڈی اے زیر تعمیر اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کا دورہ کا سیکٹر H-16 میں

اسلام آباد ماڈل جیل میں پینے کی صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فلٹریشن پلانٹ کا کام بھی جلد از جلد مکمل کیا جائے

منصوبہ کے تمام ترقیاتی کاموں کے اعلیٰ معیار اور جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنائیں، چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سیکٹر H-16 میں زیر تعمیر اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کا دورہ کیا اور ماڈل جیل منصوبہ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں میں ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اسلام آباد ماڈل جیل منصوبہ میں شامل ایڈمن بلاک کا تعمیراتی کام آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے۔ بریفنگ (بقیہ نمبر 1)

پیکا بورڈ نے آٹھ ماہ سے منتظر ایم ڈیز کو تنخواہیں جاری کرنے کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) پنجاب ایجوکیشن کریکولم ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی (پیکا) بورڈ نے انتظامی سطح پر تعینات مینجنگ ڈائریکٹرز کی تنخواہوں کی ادائیگی کی منظوری دے دی، جس کے بعد کئی ماہ سے زیر التواء معاملہ حل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق پیکا میں تین مینجمنٹ ڈائریکٹرز کی بھرتیاں کی گئی تھیں، جن کی ماہانہ تنخواہ 10 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 48)

کریمنل افراد کا پرفارما بنا کر ڈی پی اوز کو بھجوانے کی ہدایت

ڈی آئی جی آئی ٹی، دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت 6 جولائی تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈی آئی جی آئی ٹی اور دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت 6 جولائی تک ملتوی کردی جبکہ عدالت نے آئی جی کو کریمنل افراد کا پرفارما بنا کر صوبہ بھر کے ڈی پی اوز کو بھجوانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور (بقیہ نمبر 55)

دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں، سپریم کورٹ

شوہر، ساس کے خلاف زیورات کی واپسی کا دعویٰ فیملی کورٹ میں قابلِ سماعت ہے، عدالت عظمیٰ کا فیصلہ

چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے یہ فیصلہ جاری کیا جو عدالت عظمیٰ کے جسٹس شکیل احمد نے تحریر کیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ شادی میں دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے یہ فیصلہ جاری کیا جو عدالت عظمیٰ کے جسٹس شکیل احمد نے تحریر کیا۔ عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق شوہر یا سسرال دلہن کے زیورات پر کوئی ملکیتی حق نہیں رکھتے، دلہن کے زیورات روکنا اس کے ملکیتی حقوق (بقیہ نمبر 56)

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کی وفد کے ہمراہ جامعہ اشرفیہ لاہور آمد

حافظ حسین اشرفی کی وفات پر اظہار تعزیت و دعائے مغفرت اور علماء کرام سے ملاقات

لاہور (این این آئی) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر محکمہ اوقاف حکومت پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کی وفد کے ہمراہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں آمد سابق مہتمم مولانا فضل الرحیم اشرفیؒ کے نواسے اور قرآن بورڈ پنجاب کے چیئرمین مولانا حافظ زبیر حسن کے بھانجے حافظ حسین اشرفی کی وفات پر اظہار تعزیت و دعائے مغفرت، وفد میں ڈی جی محکمہ اوقاف (بقیہ نمبر 58)

محکمہ بلدیات کی برتھ رجسٹریشن فیس ختم کرنے کی تجویز، سمری ارسال

لاہور (این این آئی) محکمہ بلدیات نے برتھ رجسٹریشن فیس ختم کرنے کی تجویز تیار کرتے ہوئے سمری کابینہ کو ارسال کر دی۔ محکمہ بلدیات کے مطابق برتھ رجسٹریشن فیس ختم کرنے کی یہ تجویز مستقل بنیادوں پر (بقیہ نمبر 57)

حکومت کی قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی کی منظوری

پالیسی سائنسدانوں، کسانوں، صنعتی نمائندوں، اداروں کے ڈھائی سالہ مشاورتی عمل کے بعد تیار کی گئی

جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنانے سے پاکستان کی مکئی کی برآمدات تقریباً ایک ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے

لاہور (این این آئی) حکومت نے زرعی شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی کی منظوری دیدی۔ یہ پالیسی سائنسدانوں، کسانوں، صنعتی نمائندوں اور اداروں کے ڈھائی سالہ مشاورتی عمل کے بعد تیار کی گئی۔ پالیسی کا مقصد کسانوں کی مدد، غذائی تحفظ کو مستحکم، زرعی پیداوار میں اضافہ، ذمہ دارانہ سرمایہ کاری اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کا فروغ ہے۔ جینیاتی (بقیہ نمبر 42)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف زیر تعمیر اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان کا پہلا ورلڈ کلاس وائلڈ لائف سفاری پارک بنانے کا فیصلہ

سی ڈی اے 350 ایکڑ پر محیط بارہ کہو میں سفاری پارک بنائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان کا پہلا ورلڈ کلاس وائلڈ لائف سفاری پارک بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان سی ڈی اے کے مطابق سی ڈی اے 350 ایکڑ پر محیط بارہ کہو میں سفاری پارک بنائے گا۔ ترجمان (بقیہ نمبر 49)

ہیلی کاپٹر حادثہ، 14 شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

غم کی اس گھڑی میں پاکستان اپنے سعودی بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہیلی کاپٹر حادثے میں 14 سعودی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے راس تنورہ میں پیش آنے والے (بقیہ نمبر 50)

آر پی او شیخوپورہ ریجن اطہر اسماعیل اور ڈی پی او قصور آفتاب احمد بھلر وان پنجاب اسمبلی آ رہے ہیں

کچھ لوگوں کو مچھر زیادہ کیوں کاٹتے ہیں؟ سائنسی وجوہات بیان کر دیں

مچھر اپنے شکار کو تلاش کرنے کیلئے جسم کی حرارت اور جسم کی قدرتی بو کا سہارا لیتے ہیں

کراچی (این این آئی) گرمیوں کی آمد کے ساتھ مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہو جاتا ہے، جبکہ ان سے بچاؤ کے لیے مختلف گھریلو ٹوٹکے بھی عام ہو جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق لہسن، وٹامن بی، کیلے سے پرہیز یا سٹرونیلا موم بتیاں جیسے طریقوں کی (بقیہ نمبر 51)

ایس پی سکیورٹی کا لاہور ہائیکورٹ کا اچانک دورہ

عدالت میں آنے والے ہر فرد کی موثر اور مکمل چیکنگ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

لاہور (این این آئی) ایس پی سکیورٹی سید محمود الحسن نے لاہور ہائیکورٹ کا اچانک دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہائیکورٹ کے داخلی و خارجی گیٹس، خصوصاً جی پی او گیٹ سمیت اہم داخلی راستوں پر تعینات سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کی فرض شناسی کو سراہا۔ (بقیہ نمبر 52)

خاندانی منصوبہ بندی و تولیدی صحت کی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ریئل ٹائم ڈیٹا رپورٹنگ سسٹم، استعداد کار میں اضافے اور قانونی اصلاحات متعارف کرانے کا عمل تیز کر دیا ہے تاکہ خدمات کی فراہمی (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جاوید طارق نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی، ان کے تحفظات سنے اور ان کے فوری حل کے لیے ہدایات جاری کیں

پی آئی اے کا انتظامی کنٹرول عارف حبیب کنسورشیم کو منتقل

سانحہ گل پلازہ، تحقیقاتی رپورٹ میں آگ حادثاتی قرار

11 سالہ بچے سمیت متعدد افراد نامزد، 72 ہلاکتوں کی تصدیق

کراچی (این این آئی) سانحہ گل پلازا کی تحقیقاتی رپورٹ میں کمیٹی کے صدر تنویر پاستا اور 11 سالہ بچے سمیت متعدد افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ سانحہ گل پلازا کیس میں پولیس نے مقدمے کے چالان کے ساتھ تحقیقاتی رپورٹ پراسیکیوشن کو جمع (بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں HIV سے ہونیوالی اموات میں 400 فیصد اضافہ

پاکستان میں 5 سالوں کے دوران میں ایچ آئی وی سے ہونیوالی اموات میں 400 فیصد اضافہ ہوگیا

ایچ آئی وی، ٹی بی اور ملیریا جیسے امراض پر قابو پانے کے لیے 2000ء سے اب تک پاکستان کو 1.1 ارب ڈالر سے زائد امداد ملی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان میں 5 سالوں کے دوران میں ایچ آئی وی سے ہونیوالی اموات میں 400 فیصد اضافہ ہوگیا۔ گلوبل فنڈ آڈٹ کی رپورٹ میں یہ انکشاف بھی ہوا ہے کہ پاکستان میں ایچ آئی وی کے نئے کیسز کی تعداد میں 64 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کے ہیلتھ پروگرام کی ناکامی کی بڑی وجہ غفلت اور سنگین بدانتظامی کو قرار دیا گیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ایچ آئی وی، ٹی بی اور ملیریا جیسے امراض پر قابو پانے کے لیے 2003ء سے اب تک پاکستان کو 1.1 ارب ڈالر سے زائد امداد ملی جس میں صرف گزشتہ (بقیہ نمبر 46)

لاہور، خواتین ارکان پنجاب اسمبلی بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے آ رہی ہیں

پیچیدہ مالیاتی جرائم کی تحقیقات کیلئے آر آر ٹی فیشل انٹیلی جنس پر مبنی نظام تیار

تفتیش میں مددگار اے آئی پورٹل نیشنل سینٹر فار آر آر ٹی فیشل انٹیلی جنس کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے

اس کا مقصد تفتیشی افسران کو پیچیدہ مالیاتی معاملات کی جانچ میں موثر معاونت فراہم کرنا ہے، ذرائع نیب

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو نے کرپشن اور پیچیدہ مالیاتی جرائم کی تحقیقات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے آر آر ٹی فیشل انٹیلی جنس پر مبنی تفتیشی نظام تیار کر لیا۔ تفتیش میں مددگار اے آئی پورٹل نیشنل سینٹر فار آر آر ٹی فیشل انٹیلی جنس کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد تفتیشی افسران کو پیچیدہ مالیاتی معاملات کی جانچ میں مؤثر معاونت فراہم کرنا ہے۔ نیب ذرائع کے مطابق یہ نظام بڑے پیمانے پر مالیاتی ڈیٹا، بینک ریکارڈ، ٹرانزیکشنز، کمپنیوں کے ریکارڈ اور دیگر دستاویزات کا چند منٹوں میں تجزیہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس کے ذریعے مشکوک مالی لین دین، مختلف اکاؤنٹس (بقیہ نمبر 59)

لاہور صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق فلڈ مون سون سیزن کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

زلزلے اور خطرات

ملک عزیز میں حالیہ دنوں پے در پے چھ زلزلے تشویش کا سبب بنے۔ زمین کی لرزش سے نہ صرف عوام میں خوف وہراس پھیلا بلکہ اس نے ملک کے تعمیراتی معیار کی جانب بھی توجہ دلائی۔ ماہرینِ ارضیات کے مطابق ان زلزلوں کا سبب وینزویلا میں آنے والا تباہ کن زلزلہ ہے۔ چونکہ زمین کی ارضیاتی پلیٹیں آپس میں جڑی ہوئی ہیں لہٰذا ایک جگہ کی غیر معمولی ہلچل دور دراز کے خطوں کو بھی متاثر کرسکتی ہے۔ وجہ چاہے کچھ بھی ہو' ان زلزلوں نے ہمارے شہری انفراسٹرکچر کی کمزوری کو ایک خطرے کے طور پر اجاگر کیا ہے۔ پاکستان جغرافیائی طور پر فعال اور خطرناک فالٹ لائنز پر واقع ہے' جہاں کسی بھی وقت بڑا زلزلہ آنے کا اندیشہ موجود ہے۔ اس کے باوجود ملک میں تعمیرات کو زلزلہ پروف بنانے کا کوئی مؤثر قانون موجود نہیں۔

نجی تعمیرات کا حال تو نہایت ابتر ہے جہاں زلزلے کے خطرات کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی اور بغیر کسی مستند زمینی جانچ کے کثیر المنزلہ عمارتیں کھڑی کر دی جاتی ہیں۔ اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلے' جس میں 74 ہزار سے زائد افراد جاں بحق ہوئے تھے' کے بعد تعمیراتی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور زلزلہ پروف بنانے کے دعوے کیے گئے تھے مگر عملاً وہ تمام دعوے اور عزائم طاقِ نسیاں پر دھرے رہ گئے۔ حالیہ زلزلے ہمارے لیے ایک انتباہ ہیں۔ اگر اب بھی تعمیراتی قوانین میں تبدیلی کرتے ہوئے ہر عمارت کو زلزلہ پروف بنانا لازمی قرار نہ دیا گیا تو مستقبل میں یہ زلزلے کسی بڑے سانحے کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتے ہیں۔

امام عالی مقام حسین ابن علیؓ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

روز اول سے لے کر آج تک ہر دور میں کرہ ارض پر ایک سے بڑھ کر ایک انسان اپنی پوری توانائیوں اور شان وشوکت سے طلوع ہوا، اپنی شخصیت آن بان اور کارناموں سے پوری دنیا کو لرزا براندام کردیا۔ خالق کائنات نے معاشرے اور مختلف قوموں کی ضرورت اور توازن کے لیے غیر معمولی انسان پیدا کئے اِن عظیم ترین شخصیتوں میں بعض تو مسند علم کی وارث ٹھہریں کچھ طبعیات اور سائنس کی امام بنیں، معاشروں کی اصلاح کے لیے کچھ دنیا کی مرشد قرار پائیں کسی نے آرٹ میں کسی نے فلسفے میں کسی نے شاعری اور ادب میں اپنا نام بنایا، لیکن گردش لیل ونہار اور تاریخ کے دھارے میں بہت ساری یہ عظیم شخصیتیں بہہ گئیں کچھ کو زمانے کی کروٹیں نگل گئیں کچھ حوادث شب و روز کی نذر ہوگئیں کئی عالمی تبدیلیوں کی ہوا میں تحلیل ہوگئیں کچھ تو کتابوں اور تاریخ کے کوئز بکس میں زندہ رہیں، جبکہ اکثر یاد ماضی کا حوالہ داستان پارینہ یا قصہ بن گئیں اِن میں سے اکثریت صدیوں کے غبار میں دھندلا گئیں۔ اربوں انسانوں کے ہجوم میں ایک بڑی تعداد ایسی شخصیات کی بھی ہے کہ گردش لیل ونہار اور زمانے کی کروٹیں بھی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں یہ دنیا میں پوری شان وشوکت سے جلوہ گر ہوئیں اور پھر اِس ابدی شہرت اور شان سے دنیا سے رخصت ہوئیں کہ قیامت تک امر ہو گئیں، یہ وہ شخصیات تھیں جنہوں نے وقت سوچ دل و دماغ جذبات تاریخ اور سمت کو پوری طرح اپنی گرفت میں لے کر اِس طرح خود کو مقام امر پر فائز کرلیا کہ صدیوں کے غبار میں دھندلا ہونے کی بجائے اِن کا نام اور کام اور نکھرتا جارہا ہے ہر گزرتے دن کے ساتھ اِن کی شان وشوکت اور روشنی میں اضافہ ہوتا جارہا ہے انہی میں ایک نام جناب حضرت حسین کا ہے، آپ کا نام تاریخ کے ماتھے کا جھومر بن کر اِس آب وتاب سے چمک رہا ہے کہ ہر گزرے دن کے ساتھ آپ کی شان میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، چودھاں صدیاں بیت جانے کے باوجود ہر دور میں حسین کی شان اور ضرورت بڑھتی جا رہی ہے۔ دنیا نے مروجہ اصولوں کے مطابق کسی بھی شخص کی عزت و احترام کے لیے حوالہ بہت اہمیت رکھتا ہے وہ کسی بڑے روحانی خاندان کا چشم وچراغ ہو کسی اونچے معاشرتی خاندان کا سپوت ہو کسی بڑے سیاسی گھرانے یا لیڈر کا بیٹا ہو کسی بڑے شاعر ادیب کا بیٹا ہو اِس طرح کی کوئی نسبت کسی شخص کے لیے شان وشوکت کی دائمی سند رکھتی ہے، کسی بڑے انسان کے بعد آنے والی نسلیں اسی احساس تفاخر سے معمور رہتی ہے اور اگر کوئی اِن بڑے ناموں یا حوالوں کے ساتھ جو بھی ادبی، روحانی، معاشرتی، علمی، سیاسی مقام کا حامل ہو تو خاندانی شہرت کا چار چاند لگ جاتے ہیں، اِسی اصول کے تحت جب ہم حضرت امام حسین کی تاریخ ساز شخصیت کا جائزہ لیتے ہیں تو ایک خوشگوار حیرت ہوتی ہے کہ امام حسین اپنی دیگر خصوصیات کی طرح اِس خصوصیت میں بھی الگ اور نرالی انفرادی شان کے مالک نظر آتے ہیں، کیونکہ جو عظمتیں شان اور نسبتیں امام حسین کے مقدر میں آئیں وہ نسل انسانی کے کس نواسے، کس نورنظر، کس کے لختِ جگر اور کس کے بھائی یہاں پر ایک سے بڑھ کر ایک ایسی شاندار لازوال اور عظیم بزرگی اور نسبت کہ دیکھنے کے لیے کوہ ہمالیہ جیسا قد کاٹھ چاہیے پھر بھی ممکن نہیں۔ حضرت امام حسین کو سرتاج الانبیا سرور کائنات کا نواسہ ہونے کا لازوال شرف عظیم حاصل ہے، حسین کے ناناﷺ جو وجہ تخلیق کائنات، جن کی نسبت معراج انسانیت ہے، جن کا وجود برہان الٰہی ہے، جن کی بشریت آبروئے آدمیت ہے، جن کے نور سے شبستان عالم چمک اور جن کے رنگ وبو سے چمنستان دہر مہک رہا ہے، جن کا خیال الہام اور جن کا نطق وحی ہے وہی حسین کے عظیم ناناﷺ جن کے قدموں کی آہٹ سن کر کوئی خضر بنا اور جن کے در کی بھیک پا کر کوئی سکندر کہلایا۔ حضرت حسین کا عظیم بابا جن کی پیشانی کبھی غیر اللہ کے سامنے نہیں جھکی، جن کو باب العلم کا لازوال خطاب حاصل ہے، جو ہر جنگ میں حیدر کرار کہلایا، جس کی روحانیت ہر سلسلہ تصوف کی منزل ٹھری، جس کو کعبے میں ولادت اور مسجد میں شہادت ملی، پھر حسین کو آغوش کونسی نصیب ہوئی خاتون جنت کی آغوش جس کے گھر کا طواف جبرائیل امین نے بار بار کیا، جس کو محبوب خدا نبیوں کے سردارﷺ نے بار بار لخت جگر اور گوشہ دل کہا اور جن کے نام لینے کے لیے زبان کو ہزاروں بار مشک و گلاب سے وضو کرنا پڑتا ہے۔ جن کی ناراضگی کا کبھی رسولﷺ بھی متحمل نہیں رہا، جس کے گھر میں کبھی سورج کی شعاع نے بھی جھانکنے کی جرات نہ کی جس کے نام کے دو نفل پڑھ کر دنیا کا گناہ گار سے گناہ گار انسان بھی جب بارگاہ رسالت میں معافی کی عرضی دیتا ہے تو فوری درجہ قبولیت نصیب ہوتی ہے، اور پھر حسین بھائی کس کے پانچویں خلیفہ راشد کے، جس کے ایثار نے ملت کا وقار بڑھایا جنہوں نے حکومت پر وحدت امت کو ترجیح دی، جن کی طبع صلح پسند نے قوم رسول ہاشمیﷺ کو شیرازہ بند رکھا ورنہ خلافت بھی دو حصوں میں تقسیم ہو جاتی۔ امام حسین کی شان اور الگ خوبی یہ ہے کہ کائنات کی عظیم ترین ہستیوں اور حوالوں سے جڑے ہوئے ہیں، اکثر اوقات ایسے عظیم حوالوں سے جڑے ہونے سے ایک طرف اگر بہت اونچا مقام ملتا ہے تو یہ خطرہ بھی موجود ہوتا ہے کہ وہاں اس کا نام گم ہونے کا خطرہ بھی موجود ہوتا ہے، امام حسین ان حوالوں سے ایک لافانی شہرت اور پہچان کے حامل تو ہیں ہی اِس کے ساتھ ساتھ تاریخ میں ان کا اپنا ایک الگ اونچا مقام اور باعزت نام بھی موجود ہے۔ نبیوں کے سردارﷺ کا نواسا ہونا، ولیوں کے سردار کا بیٹا ہونا، عظیم ماں کا فرزند ہونا سعادت اور اعزاز تو ہے ہی مگر یہ آزمائش بھی کم نہیں عظیم نانا اور باپ کی عظمت کی لاج رکھنا، عظیم مقدس ماں کی آغوش کا حق ادا کرنا کوئی معمولی آزمائش نہیں اور اِس کے ساتھ ہی اپنی الگ منفرد شناخت بنانا بھی اور پھر جب اسلام پر مشکل وقت آیا تو امام حسین نے ملوکیت یزید کے مقابلے میں جرات اور استقامت دکھا کر میدان کربلا میں باطل کے سامنے کھڑا ہو کر نہ صرف اپنے عہد میں باطل کی قوتوں کو پاش پاش کیا بلکہ قیامت تک انسانی تاریخ کا رخ موڑ دیا اور مشعل راہ بنے، واقعہ کربلا کے بعد بہت ساری موروثی حکومتیں قائم رہیں لیکن کسی دور میں بھی انہیں جواز نہ مل سکا۔ سانحہ کربلا کے بعد سے آج تک کسی دور میں بھی ملوکیت کے خلاف آواز بلند ہوئی، تحریک چلی، انسانی حقوق کے لیے لہر اٹھی، معاشی انصاف اور حق خودارادیت کی آواز بھی، ظلم و جبر کے خلاف نفرت کا جذبہ پروان چڑھا تو یہ شہادت حسین کا ثمرہ ہے۔ کسی بھی دور میں جب بھی کسی فرعون یزید نے اپنی طاقت کے بل بوتے پر حق کی زبان دبانے کی کوشش کی تو ہر دور میں ہر اسلامی تحریک یا انقلاب کے وقت ضرورت پڑی تو امام حسین کے کردار کی نظریئے کی، سچ کی، باطل کے خلاف کھڑے ہونے کی ہر دور کی ضرورت امام حسین ہیں۔

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

پاکستان کی معاشی ترقی کا نیا دروازہ

محمد عبداللہ حمید گل

گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان کی معیشت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں توانائی کا بحران' زرمبادلہ کی کمی' بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ اور سست معاشی نمو ایک دوسرے سے منسلک مسائل بن چکے ہیں۔ تاہم پاکستان کی تزویراتی' سفارتی وعسکری کامیابیوں اور ایران امریکہ کشیدگی کے خاتمے اور امن عمل کی کاوشوں نے اس نازک موڑ کو ترقی وخوشحالی کی جانب موڑ دیا ہے۔ امریکہ سے جنگ بندی اور ایران پر امریکی معاشی قدغنوں میں نرمی کے بعد ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا ایک روزہ دورۂ اسلام آباد نہایت اہمیت کا حامل ہے اور یہ دونوں ملکوں کے ہزاروں برس پر محیط اسلامی' تاریخی اور ثقافتی وتہذیبی تعلقات میں ایک نئے روشن باب کا آغاز ہے۔ پاکستان نے ایرانی صدر کے فقید المثال استقبال سے دنیا کو بتادیا کہ پاکستان اور ایران محض ہمسایہ ممالک نہیں بلکہ اسلامی بھائی چارے کی اعلیٰ مثال اور 'یک جان دو قالب' ہیں۔ ایرانی صدر کے ایک روزہ دورے کا مقصد امریکہ ایران معاہدے اور خطے میں امن کے قیام کیلئے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کرنا اور ایرانی عوام کی جانب سے اظہار تشکر تھا۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے اس موقع پر ایک مضبوط مسلم بلاک کے قیام پر بھی زور دیا۔ پاک ایران برادرانہ تزویراتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے علاوہ مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا جو خوش آئند ہے۔

اس میں کوئی دو آرا نہیں کہ اسرائیل اور امریکہ سے جنگ کے دوران ایران کو اپنے مخلص دوستوں اور دشمنوں کا بخوبی ادراک ہو چکا ہے۔ ایرانی صدر کا دورہ محض رسمی دورہ نہیں تھا بلکہ سٹرٹیجک سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ اگر ایران اور امریکہ کے درمیان جاری سفارتی پیشرفت مستقل شکل اختیار کرتی ہے اور ایران پر عائد امریکی معاشی پابندیوں میں مزید نرمی آتی ہے تو پاکستان کیلئے ایسا سنہری معاشی موقع جنم لے سکتا ہے جو گزشتہ کئی دہائیوں کا سب سے بڑا موقع ہوسکتا ہے۔ امریکہ کی جانب سے ایران کی تیل اور پیٹروکیمیکل مصنوعات کی عالمی منڈی میں فروخت سے متعلق بعض پابندیوں میں وقتی نرمی اور کچھ منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی نے اس امکان کو تقویت دی ہے کہ خطے میں معاشی سرگرمیاں ایک نئی سمت اختیار کرسکتی ہیں۔ اگر یہ عمل آگے بڑھتا ہے تو پاکستان اور ایران کے مابین 900 کلومیٹر طویل سرحد محض جغرافیائی حد بندی نہیں رہے گی بلکہ معاشی تقدیر بدلنے کی علاقائی شاہراہ ثابت ہوگی۔ بدقسمتی سے یہ سرحد کئی برسوں سے غیر قانونی تجارت اور سمگلنگ کا گڑھ بنی رہی ہے۔ مختلف اندازوں کے مطابق ایران سے سالانہ 1.2 ارب ڈالر مالیت کا پٹرول' ڈیزل اور دیگر پٹرولیم مصنوعات غیر قانونی راستوں سے پاکستان پہنچتی ہیں' دیگر اشیا کی سمگلنگ اس کے علاوہ ہے' جس سے نہ صرف قومی خزانے کو تقریباً سالانہ 820 ملین ڈالر کا نقصان پہنچتا ہے بلکہ قانونی کاروبار بھی متاثر ہوتا ہے۔ اب ایران پر عائد پابندیوں میں نرمی کے نتیجے میں پاک ایران سرحد پر قانونی تجارت کے امکانات روشن ہوئے ہیں' جس سے حکومت کو محصولات حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ سمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کی بھی حوصلہ شکنی ہوگی اور توانائی کی رسد زیادہ مستحکم ہوسکے گی۔

ایران نہ صرف پاکستان کا برادر اسلامی ہمسایہ ملک ہے' بلکہ یہ تیل کے ذخائر رکھنے والے ممالک میں دنیا میں تیسرے نمبر پر ہے' قدرتی گیس کے ذخائر میں روس کے بعد یہ دوسرے نمبر پر ہے۔ اسے وطن عزیز کی بدقسمتی ہی کہا جا سکتا ہے کہ توانائی کی اتنی بڑی دولت سرحد سے متصل ہونے کے باوجود ہم اپنی توانائی کی ضروریات کیلئے مہنگی عالمی منڈی پر انحصار کرنے پر مجبور ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر کیوں؟ اب اگر امریکی پابندیوں میں مستقل نرمی آتی ہے تو خام تیل' پٹرول' ڈیزل' ایل پی جی اور دیگر پیٹروکیمیکل مصنوعات کی قانونی درآمد میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ اس کے ساتھ پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبے کی تکمیل پاکستان کی توانائی کی حکمت عملی میں بنیادی تبدیلی لاسکتی ہے۔ اس منصوبے کے فعال ہونے سے مہنگی ایل این جی کی درآمد پر انحصار کم ہوگا' نیفتھا (Naphtha)' ایتھین اور دیگر پیٹروکیمیکل کی تجارت کئی ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ صرف توانائی سے متعلق باہمی تجارت ہی سالانہ 9 سے 14 ارب ڈالر تک جا سکتی ہے۔ اس طرح بجلی کی پیداواری لاگت میں کمی آئے گی اور صنعتی شعبے کو سستی توانائی دستیاب ہوسکے گی۔ اگر ریفائنڈ فیول کی ترسیل کیلئے جدید پائپ لائنیں تعمیر کی جائیں تو نقل وحمل کے اخراجات کم ہوں گے' سپلائی چین بہتر ہوگی اور درآمدی نقصانات میں بھی کمی آئے گی۔ دوسری جانب گوادر بندرگاہ کو اگر ایرانی توانائی کے ذخیرہ' پراسیسنگ اور ٹرانزٹ مرکز کے طور پر ترقی دی جائے تو پاکستان نہ صرف اپنی جغرافیائی اہمیت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے بلکہ چین' وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے مابین توانائی کی تجارت کا ایک اہم مرکز بھی بن سکتا ہے۔

صرف توانائی ہی نہیں بلکہ پیٹروکیمیکل صنعت بھی پاکستان کیلئے غیر معمولی امکانات رکھتی ہے۔ سستی ایرانی گیس اور خام مال کی بنیاد پر کھاد' پلاسٹک' پولیمر اور دیگر صنعتی مصنوعات تیار کی جاسکتی ہیں' جس سے درآمدات میں کمی اور برآمدات میں اضافہ ممکن ہوسکتا ہے۔ یوں پاکستان اپنی صنعتی بنیاد کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ معاشی ماہرین کے جائزوں کے مطابق اگر یہ تمام مواقع مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ بروئے کار لائے جائیں تو پاکستان کو سالانہ 23 سے 36 ارب ڈالر تک کا مجموعی معاشی فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔ اگرچہ یہ اعداد وشمار مختلف مفروضوں پر مبنی ہیں' تاہم اس میں کوئی شبہ نہیں کہ قانونی توانائی تجارت' گیس درآمدات' ٹرانزٹ فیس اور صنعتی ترقی پاکستان کیلئے غیر معمولی معاشی امکانات پیدا کرسکتی ہیں۔ تاہم اس راستے میں چیلنجز بھی کم نہیں۔ بین الاقوامی پابندیوں کا مستقبل اب بھی غیر یقینی ہے' امریکی خارجہ پالیسی میں تبدیلی کسی بھی وقت صورتحال کو بدل سکتی ہے' جبکہ پاکستان کے اندر پالیسیوں کا عدم تسلسل' ادارہ جاتی پیچیدگیاں اور سرمایہ کاروں کا کمزور اعتماد بھی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ اس لیے صرف سفارتی پیشرفت کافی نہیں بلکہ پاکستان کو داخلی سطح پر بھی تیز رفتار اور مربوط اصلاحات کرنا ہوں گی۔ حکومت کو چاہیے کہ توانائی کے منصوبوں کیلئے واضح حکومتی ضمانتیں فراہم کرے' سرمایہ کاروں کیلئے سنگل ونڈو سسٹم قائم کرے' پائپ لائنوں' ریفائنریوں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر پیشگی تیاری کرے اور گوادر کو ایک حقیقی علاقائی توانائی مرکز بنانے کیلئے جامع حکمت عملی اختیار کرے۔ پاکستان کا اصل مسئلہ پیسے کی کمی نہیں بلکہ ڈالر کی قلت ہے۔ اگر توانائی کی درآمدات پر ہونے والے اربوں ڈالر کے اخراجات میں نمایاں کمی آتی ہے تو اس کا براہ راست اثر زرمبادلہ کے ذخائر' روپے کے استحکام اور مجموعی معاشی صورتحال پر پڑے گا۔ آنے والے مہینے اس حوالے سے فیصلہ کن ثابت ہو سکتے ہیں۔ اگر ایران پر پابندیوں میں مستقل نرمی آتی ہے اور پاکستان بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کرتا ہے تو سالانہ 23 سے 36 ارب ڈالر کا ممکنہ فائدہ' جو پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً آٹھ فیصد کے برابر ہے' صرف ایک تجارتی ہندسہ نہیں بلکہ ایک معاشی انقلاب کی نوید بن سکتا ہے۔ پھر 900 کلومیٹر طویل پاک ایران سرحد محض ایک جغرافیائی لکیر نہیں رہے گی بلکہ پاکستان کی معاشی بحالی اور علاقائی اقتصادی استحکام کی بنیاد بن سکتی ہے۔ تاہم اگر اب بھی ہم تاخیر' غیر یقینی پالیسیوں اور انتظامی کوتاہیوں کا شکار ہوئے تو یہ سنہری موقع بھی ماضی کے کئی ضائع شدہ مواقع کی طرح ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔

سپورٹس SPORTS

وینزویلا زلزلہ، ارجنٹینا کے معروف فٹبالر کی بیوی اور بچے ہلاک

لزبن (این این آئی) وینزویلا میں گزشتہ دنوں آنے والے تباہ کن زلزلوں کے نتیجے میں ارجنٹینا کے نامور مقامی فٹبالر لوکاس تریخو کی اہلیہ اور 2 بچے بھی ہلاک ہوگئے۔ لوکاس تریخو کلب کی جانب سے جاری بیان میں اس افسوسناک خبر کی تصدیق کرتے ہوئے فٹبالر اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق زلزلے کے وقت لوکاس تریخو کی اہلیہ یانینا مارانیلا اور 2 بچے آرون تریخو اور آئیخوا تریخو ساحلی علاقے پلایا گراندے میں موجود تھے جہاں ان کی رہائشی عمارت منہدم ہوگئی۔ واقعہ کے بعد فٹبالر کے بیوی بچے لاپتہ ہوگئے تھے تاہم امدادی ٹیموں نے بعد میں تینوں کی ہلاکت کی تصدیق کردی۔ رپورٹ کے مطابق زلزلے کے وقت لوکاس تریخو اپنی ٹیم کے ساتھ دارالحکومت کراکاس میں آئندہ میچ کی تیاری میں مصروف تھے، انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی اہلیہ اور بچوں کی تلاش کیلئے عوام سے دعا اور مدد کی اپیل بھی کی تھی۔ اقوام متحدہ کے مطابق وینزویلا میں 24 جون کو آنے والے زلزلوں سے تقریباً 6.76 ملین افراد متاثر ہوئے ہیں۔

بھارت کو فائدہ پہنچانے کا الزام، انگلینڈ کی سابق کرکٹرز چیخ اٹھیں

لندن (این این آئی) انگلینڈ کی سابق ویمن کرکٹرز ایلکس ہارٹلی اور کیٹ کراس نے آئی سی سی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی سی سی نے ویمن ورلڈکپ شیڈول میں بھارت کو فائدہ پہنچایا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کیٹ کراس نے کہا کہ بھارت کو گارنٹی دی گئی ہے کہ وہ پہلا سیمی فائنل کھیلے گا جبکہ آئی سی سی کے مطابق یہ براڈکاسٹ اور ٹائم زون کے حساب سے موزوں ہے۔ ایلکس ہارٹلی نے کہا کہ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں بھی بھارت کو سیمی فائنل کھیلنے کی گارنٹی دی گئی تھی۔ کیٹ کراس نے کہا کہ جب بھارت کھیلتا ہے تو سب کچھ پہلے سے طے کیا جاتا ہے، یہ مضحکہ خیز ہے کہ گورننگ باڈی ایک ٹیم کو ترجیح دے۔

ویسٹ انڈیز نے سری لنکا کو اننگز اور 217 رنز سے روند ڈالا

کولمبو (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اننگز اور 217 رنز سے بھاری فتح اپنے نام کرلی، چوتھے روز ویسٹ انڈیز کے فاسٹ بولرز نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے سری لنکا کی پوری ٹیم کو صرف 101 رنز پر ڈھیر کر دیا۔ انہوں نے اننگز میں 4 وکٹیں حاصل کیں جبکہ جیڈن سیلز، شمار جوزف اور الزاری جوزف نے بھی انتہائی خطرناک اسپیل کیے اور سری لنکن بیٹنگ لائن کو سنبھلنے کا کوئی موقع نہ دیا۔ سری لنکا کی جانب سے صرف دنیش چندیمل ہی کچھ مزاحمت کر سکے جنہوں نے 34 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ ٹاپ آرڈر کا کوئی بھی بلے باز دوہرا ہندسہ عبور نہ کرسکا۔

ویمنز ٹی20 ورلڈکپ: پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی

پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم لندن سے براستہ دبئی لاہور پہنچی، کوئی لینے نہ آیا

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ میں مایوس کن کارکردگی کے بعد پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی۔ پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم لندن سے براستہ دبئی لاہور پہنچی تاہم ٹیم کو کوئی لینے نہ آیا۔ واضح رہے ٹی 20 ورلڈ کپ میں قومی ٹیم کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی، ویمن ٹیم نے آئی سی سی ورلڈ کپ میں 4 میچز کھیلے جن میں قومی ٹیم کو بھارت، جنوبی افریقہ اور بنگلا دیش سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، قومی ٹیم نے گروپ سٹیج کا آخری میچ نیدرلینڈ کیخلاف کھیلا جس میں قومی ٹیم نے نیدرلینڈ کو 37 رنز سے شکست دے دی۔ یاد رہے آئی سی سی ویمن ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل پاکستان ٹیم نے آئرلینڈ میں تین ملکی ٹورنامنٹ میں حصہ لیا تھا۔

فیفا ورلڈکپ، کینیڈا راؤنڈ آف 16 میں پہنچنے والی پہلی ٹیم بن گئی

اوٹاوا (این این آئی) فیفا ورلڈکپ کے راؤنڈ آف تھرٹی ٹو میں کینیڈا نے جنوبی افریقہ کو ایک صفر سے شکست دے دی۔ جنوبی افریقہ کو شکست دینے کے بعد کینیڈا راؤنڈ آف سکسٹین میں پہنچنے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ کینیڈا کی ٹیم میگا ایونٹ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ پری کوارٹر فائنل میں پہنچی ہے۔

INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT AUTHORITY OF THE PUNJAB (IDAP)
REQUEST FOR PROPOSAL (RFP)

IDAP معمار پنجاب

TENDER NO.
HCP/FGPC(FGMI)-II/ME-260622-1/P17-A

SUPPLY, INSTALLATION, COMMISSIONING & MAINTENANCE OF GENERAL MEDICAL EQUIPMENT (PACKAGE NO. 17, LOT-A) ON DDP BASIS FOR ESTABLISHMENT OF FEDERAL GOVERNMENT POLYCLINIC (PGMI)-II AT G-11/3, ISLAMABAD.

1. Infrastructure Development Authority of the Punjab (IDAP) invites proposals through the EPADS System of Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) from eligible bidders for the subject procurement.

2. Details of the procurement are as follows:

Applicable Rules	Estimated Cost (PKR)	Bid Security (PKR)	Bid Validity (Days)	Bidding Procedure	Bidding Method
PPRA Rules 2004 (amended up to date)	Approximately 33 Million	660,000.00	180	SSTE	Open Competitive Bidding

3. **All interested bidders are required to register on EPADS to be eligible for participation.** RFP Notice/ RFP Document containing detailed requirements, terms and conditions is available for the registered bidders on EPADS at punjab.eprocure.gov.pk and on the Public Procurement Regulatory Authority (Federal PPRA) Website at http://ppra.gov.pk. The response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the Authority (Federal PPRA).

4. The RFP documents comprising the Technical & Financial Proposals prepared in accordance with the instructions in the RFP document, must be submitted on EPADS on or before **15th July 2026**, no later than **03:30 PM.** Technical Proposals will be opened on the same day on EPADS at **04:00 PM.** Any Proposal received through any mode other than EPADS shall not be considered.

5. In case, the last date for submission of the Proposals is declared a public holiday then the next working day will be considered for Proposal submission & opening.

GENERAL MANAGER (PROCUREMENT & CONTRACTS)
INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT AUTHORITY OF THE PUNJAB (IDAP)
50 B-3, Gulberg-III, Lahore, Pakistan.
Ph: +92 (0) 42 99332632-42
healthcare@idap.pk | www.idap.pk

IPL-6607

شوبز SHOWBIZ

والد زندہ ہوتے تو میری کامیابیوں پر سب سے زیادہ خوش ہوتے

ہر کامیابی کے موقع پر والد کی کمی زیادہ شدت سے محسوس ہوتی ہے، عارف لوہار

لاہور (این این آئی) نامور فوک گلوکار عارف لوہار نے کہا ہے کہ آج زندگی کے جس مقام پر ہیں اور جو کامیابیاں ملی ہیں اگر میرے والد محترم زندہ ہوتے تو انہیں بیحد خوشی ہوتی، ہر والد کی طرح میرے والد بھی مجھے ایک کامیاب انسان کے طور پر دیکھنا چاہتے تھے لیکن زندگی نے انہیں مہلت نہ دی۔ ایک انٹرویو میں عارف لوہار نے کہا کہ ہر کامیابی کے موقع پر والد کی کمی زیادہ شدت سے محسوس ہوتی ہے اور شاید ہی کوئی ایسا لمحہ ہوگا جب مجھے اپنے والد کی یاد نہ آتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک فقیر منش انسان ہیں اور آج جو عزت ومقام حاصل ہے وہ میرے والدین کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔

کسی کو دیکھے بغیر اس سے محبت نہیں ہوسکتی' مائرہ خان

اداکارہ شہناز شیخ، صنم بلوچ اور سجل علی نے مجھے بہت متاثر کیا' انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مائرہ خان نے کہا ہے کہ پیار دیکھ کر ہوتا ہے، بغیر دیکھے محبت ہو نہیں سکتی، آپ کو کسی کی آواز اچھی لگ سکتی ہے اور احساسات انسان کو اپنی طرف کھینچتے ہیں لیکن جب تک سامنے والے کو دیکھ نہ لیا جائے محبت نہیں ہوتی۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ اداکارہ شہناز شیخ، صنم بلوچ اور سجل علی نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان کا بیٹا اولیول کا طالب علم ہے اور وہ اپنی مرضی سے اپنے مستقبل کے فیصلے کرسکتا ہے۔ مائرہ خان نے کہا کہ ہر فنکار کو مسلسل سیکھنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ اپنی صلاحیتوں میں مزید نکھار پیدا کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کے لیے محنت، لگن اور صبر بنیادی عناصر ہیں۔

میگھا، عباس جٹ نے دو نئے گانوں کی تیاری میں مصروف

''اپنا پنجاب'' اور ''چھلا'' کی تیاری پر بھرپور محنت جاری ہے' گلوکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا اور عباس جٹ دو نئے گانوں کی تیاری میں مصروف ہیں جنہیں محرم الحرام کے بعد ریلیز کیا جائے گا۔ گلوکارہ میگھا نے عاشورہ کے احترام میں شوبز سرگرمیاں معطل کر رکھی تھیں تاہم اب وہ دوبارہ سے دونوں گانوں کی ریکارڈنگ میں مصروف ہوگئی ہیں۔ ''اپنا پنجاب'' اور ''چھلا'' کی ریکارڈنگ کے بعد دونوں گانوں کی ویڈیوز بھی بنائی جائیں گی۔ ان گانوں کی موسیقی حماد علی نے ترتیب دی ہے جبکہ شاعری اصغر علی گوگومنڈی نے لکھی ہے۔ گلوکارہ نے کہا کہ میں اور عباس جٹ دونوں گانوں پر بھرپور محنت کر رہے ہیں اور یقین ہے کہ یہ گانے شائقین موسیقی کو ضرور پسند آئیں گے۔

معروف شاعر نثار ناسک کی ساتویں برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) ملک کے معروف شاعر نثار ناسک کی ساتویں برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی۔ نثار ناسک 15 فروری 1939 کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ ان کی وجہ شہرت ملی نغمہ دل دل پاکستان بنا جو ایک موسیقار گروپ وائٹل سائنز نے گایا تھا۔ پاکستان ٹیلی ویژن نے اردو ادب میں خدمات کے اعتراف میں انہیں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا۔ نثار ناسک اردو اور پنجابی میں بھی لکھتے تھے، ان کی دو کتابیں چوتھی سمت آ نکلا اور دل دل پاکستان شائع ہوئیں، انہیں تمغہ حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ نثار ناسک کچھ عرصہ جزوی طور پر بینائی سے محروم اور ایمنیزیا کے مرض میں مبتلا رہنے کے بعد ڈھوک رتہ (ضلع راولپنڈی) میں 3 جولائی 2019 کو وفات پاگئے، ان کی برسی کے موقع پر علمی و ادبی حلقوں کے زیر اہتمام منعقدہ تقریبات میں ان کی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

فنکار بنایا نہیں جاتا، وہ پیدائشی ہوتا ہے' عدنان جیلانی

اسکرپٹ، مضبوط ہدایتکاری پراجیکٹ کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار عدنان جیلانی نے کہا ہے کہ کوئی انسان صرف خواہش کرنے سے اداکار نہیں بن سکتا، بلکہ فنکار پیدائشی ہوتا ہے، انسان کی تخلیقی صلاحیتیں وقت کے ساتھ نکھر کر سامنے آتی ہیں اور اسی بنیاد پر وہ اپنی پہچان بناتا ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلوکار، اداکار اور دیگر تخلیقی شعبوں سے وابستہ افراد اپنا فن پیدائش کے ساتھ لے کر دنیا میں آتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان کا فن پروان چڑھتا ہے۔ عدنان جیلانی نے بتایا کہ ان دنوں ان کی ڈرامہ ''انتخاب'' نجی ٹی وی سے آن ایئر ہے، جس میں میرے کردار کو بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔

درفشاں سلیم کی تصاویر نے لوگوں کی توجہ حاصل کرلی

اداکارہ نے حال ہی میں والدین کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کی ہے

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ درفشاں سلیم کی نئی تصاویر نے لوگوں کی توجہ حاصل کرلی ہے۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ درفشاں سلیم نے چند تصاویر شیئر کیں جس میں انہیں لان کا سوٹ زیب تن کیے خوشگوار موڈ میں دیکھا جاسکتا ہے۔ اداکارہ نے ویڈیو بھی شیئر کی جس میں وہ شیشے کے سامنے کھڑا ہو کر مسکرا رہی ہیں۔ درفشاں سلیم نیلے رنگ کے سوٹ میں انتہائی خوبصورت لگ رہی ہیں، انہوں نے لکھا کہ ایزی بریزی سمر فٹس لائیو نا۔ انہوں نے چند دنوں قبل یہ تصاویر شیئر کیں جسے ہزاروں کی تعداد میں مداح دیکھ چکے ہیں۔ اور اس پر تعریفی کمنٹس بھی کررہے ہیں۔ اداکارہ کی تصاویر کی ساتھی فنکارہ نوشین شاہ کی جانب سے بھی سراہا گیا۔ درفشاں سلیم کے انسٹاگرام پر فالوورز کی تعداد 8.3 ملین سے زائد ہے اور وہ سوشل میڈیا پر کافی متحرک رہتی ہیں اور مداحوں کو اپنے کام اور سرگرمیوں سے متعلق اپ ڈیٹ رکھتی ہیں۔ انہوں نے اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل کیسی تیری خود غرضی سے شہرت حاصل کی جبکہ وہ اس سے قبل پردیس میں بھی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔

فلم ''دی اوڈیسی'' 17 جولائی کو دنیا بھر میں نمائش کیلئے پیش کی جائے گی

لندن (این این آئی) کرسٹوفر نولان کی نئی فلم ''دی اوڈیسی'' نے ریلیز سے قبل ہی نیا ریکارڈ قائم کر کے کئی نامور فلموں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ہالی ووڈ کے معروف ہدایت کار کرسٹوفر نولان کی نئی آنے والی فلم دی اوڈیسی نے ریلیز سے ایک سال قبل ہی باکس آفس کی دنیا میں نئی تاریخ رقم کردی۔ صرف 24 گھنٹوں میں فلم کے 28 ہزار ٹکٹس فروخت ہوگئے، جس کے بعد برطانیہ کے سب سے بڑے آئی میکس کا ریکارڈ ٹوٹ گیا، اوپن ہائیمر اور ڈیون، پارٹ ٹو بھی پیچھے رہ گئے۔ اس سلسلے میں برطانیہ کی سب سے بڑی آئی میکس اسکرین، بی ایف آئی آئی میکس نے اعلان کیا ہے کہ فلم کے لیے صرف 24 گھنٹوں کے دوران 28 ہزار ٹکٹس فروخت ہوئے، جس سے 7 لاکھ 50 ہزار پاؤنڈ سے زائد آمدنی حاصل ہوئی۔ یہ کسی بھی فلم کے لیے اس سینما گھر کی تاریخ میں پہلے روز کی فروخت کا نیا ریکارڈ ہے۔

بقیہ 1
ہے ماڈل جیل کی بیرک نمبر ایک اور دو کا کام 100 فیصد مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ بیرک نمبر تین کا تقریباً 95 فیصد تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ بیرکس میں سینٹری وبجلی کا تمام کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے اور ماڈل جیل منصوبہ میں شامل ہسپتال کے تعمیراتی کاموں کو بھی مکمل کیا جاچکا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ماڈل جیل کے واچ ٹاورز اور تمام سنتری پوسٹوں کی تکمیل بھی مکمل کرلی گئی ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ اسلام آباد ماڈل جیل کے اطراف باقی ماندہ باؤنڈری والز کا کام بھی جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اسلام آباد ماڈل جیل میں پینے کی صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فلٹریشن پلانٹ کا کام بھی جلدازجلد مکمل کیا جائے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیوریج، ڈرینج، فٹ پاتھوں کی تعمیر سمیت دیگر کام کو بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے۔ اسی طرح ماڈل جیل میں اسٹریٹ لائٹس کیلئے تمام پولز بھی نصب کردیئے گئے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ماڈل جیل کے فیز ٹو کا پی سی-ون تیار کرلیا گیا ہے اور نئے مالیاتی سال میں اسلام آباد ماڈل جیل کے فیز ٹو پر باقاعدہ کام کا آغاز کیا جائیگا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ منصوبہ کے تمام ترقیاتی کاموں کے اعلیٰ معیار اور جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ افسران جاری تمام تعمیراتی سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کے ذریعے اعلیٰ معیار اور جلد از جلد تکمیل کو ہر صورت یقینی بنائیں۔

بقیہ 2
کروہاں آگئے اور انہوں نے میری جان بچائی اور افتخار احمد موقع سے بھاگ گیا پولیس سے استدعا ہے کہ میری درخواست پر کارروائی عمل میں لائی جائے جس پر فتح جنگ پولیس نے کاروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کر کے افتخار ولد اشتیاق احمد سکنہ چاندنی چوک فتح جنگ کو گرفتار کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے افتخار احمد کے خلاف فتح جنگ پولیس کی کارروائی۔

بقیہ 3
بعد فریقین نے باہمی اتفاق، رواداری اور امن و اخوت کے جذبے کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اہلِ تشیع کی جانب سے جمیل احمد گولو، سید باقر شاہ، مہدی رضا سہریانی، بشیر حیدری، غلام جعفر حیدری اور دیگر افراد شریک ہوئے ، جبکہ جمیعت علماء اسلام کی جانب سے شمس الدین بھیری، مولوی خان محمد، ملک جمال الدین اوگاہی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء کو دعائیہ کھیر پیش کی گئی اور تمام رہنماؤں نے ایک دوسرے کو گلے لگا کر بھائی چارے، مذہبی ہم آہنگی اور ضلع میں امن و امان برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ضلعی انتظامیہ نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ وہ اتحاد، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دیں اور کسی بھی قسم کی افواہوں پر کان نہ دھریں تاکہ ضلع میں امن واستحکام کی فضا برقرار رہے۔

بقیہ 4
تجاویز اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی تاکہ مری آنے والے سیاحوں اور مقامی آبادی کو ایک صاف، خوبصورت اور سہولتوں سے آراستہ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ مری عوامی خدمت، شہری ترقی اور سیاحتی مقامات کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 5
معیار کو مزید بہتر بنانے اور کام کی رفتار تیز کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا۔ اجلاس میں متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ روڈ کی تعمیر میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، کام کی رفتار میں مزید بہتری لائی جائے اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ عوام کو جلد از جلد معیاری سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 6
ڈپٹی کمشنر اور چیئرمین کوآرڈینیشن کمیٹی آغا شیر زمان نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی قائم کی گئی ہے، سوشل ویلفیئر، ویمن ڈیولپمنٹ، اوقاف، زکوٰۃ سمیت دیگر متعلقہ محکمے شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام افسران ضلعی انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں۔ دشمن عناصر کی جانب سے پھیلائے جانے والے غلط پروپیگنڈے کا مؤثر اور بروقت جواب دیا جائے تاکہ جھوٹی خبروں کے باعث کسی قسم کی افراتفری پیدا نہ ہو۔ سوشو پولیٹیکل ڈومین اور حکومتِ سندھ کی ہدایات اور پلاننگ کے تحت اجلاس میں بانی پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کے 150ویں یومِ ولادت کی تقریبات کے سلسلے میں مختلف پروگراموں کے انعقاد پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے باقاعدگی سے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے جبکہ نوجوانوں میں قومی شعور، اتحاد اور قائدِ اعظمؒ کی جدوجہد آزادی سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے بین الاضلاعی کھیلوں کے مقابلے، تعلیمی و ادبی پروگرامز اور آگاہی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع بھر کے اسکولوں اور کالجوں میں خصوصی پروگرامز، سیمینارز اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا جائے تاکہ نوجوان نسل کو قیامِ پاکستان کی تاریخ، قائدِ اعظمؒ کی خدمات اور قومی یکجہتی کے فروغ سے متعلق آگاہی فراہم کی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر کشمور نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ پروگراموں کا شیڈول مرتب کر کے بروقت عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور اس حوالے سے پیش رفت رپورٹ ضلعی انتظامیہ کو پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل میں حب الوطنی، قومی یکجہتی اور مثبت سماجی اقدار کے فروغ کے لیے ایسی سرگرمیاں نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔

بقیہ 7
کا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ جس کا مقصد عوام کو معیاری، محفوظ اور مستند ادویات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر تھے جبکہ سیکرٹری صحت و آبادی نادیہ ثاقب، سپیشل سیکرٹری ڈرگز کنٹرول کیپٹن (ر) اورنگزیب، ڈی جی ڈرگ کنٹرول محمد سہیل، چیف ڈرگ کنٹرولر، ڈائریکٹر ڈی ٹی ایل اور ادویات تیار کرنے والی کمپنیوں اور ڈسٹری بیوٹرز کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پنجاب ڈرگ ڈسٹری بیوشن مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے جعلی اور غیر معیاری ادویات کی موثر نگرانی ممکن ہوسکے گی، جبکہ ادویات کی خرید و فروخت، ترسیل اور دستیابی کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ بھی کی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ نئے نظام کے ذریعے ادویات کی قلت، ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی، جبکہ غیر معیاری ادویات کو مارکیٹ سے واپس منگوانے کے لیے بھی صوبہ بھر میں آن لائن نظام نافذ کیا جارہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ حکومت پنجاب جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ادویات کے نظام کو مزید شفاف، موثر اور عوام دوست بنانے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 8
قاسم مجید بجٹ قانون ساز اسمبلی میں پیش کریں گے۔

بقیہ 9
ون اور پارٹ ٹو کے ریگولر طلبہ کے لئے امتحانی فیس 2500 روپے مقرر ہے تاہم یتیم، معذور، قیدی اور شہداکے بچوں سے کوئی امتحانی فیس نہیں لی جائے گی۔

بقیہ 10
ٹیکس فراڈ پایا گیا۔ لاہور، سرگودھا، گوجرانوالہ اور راولپنڈی کی انفورسمنٹ ٹیموں نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ ای آئی ایم ایس کے عدم استعمال، ٹیکس گوشواروں میں خرد برد اور جعلسازی پر کارروائیاں کی گئیں۔ علاوہ ازیں گوشواروں میں رودبدل، ڈیجیٹل ریکارڈ میں چھیڑ چھاڑ میں ملوث فوڈ چینز کو بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا کا کہنا تھا کہ وصول شدہ ٹیکس سرکاری امانت، خرد برد یا تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے عمل کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ بل ادائیگی کے بعد پی آر اے، ای بل ضرور حاصل کریں۔

بقیہ 11
مسترد کرنا انصاف کے تقاضوں کے خلاف تھا، درخواست قابلِ سماعت مان کر بھی کیس کے نکات نظرانداز کیے گئے، دورانِ قید بینائی کا عارضہ لاحق ہوا، علاج کے لیے جیل سے باہر منتقل کیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو شدید صحت مسائل کے باوجود رہائی نہ دینا ناانصافی ہے، تنہائی میں قید سے دونوں کو غیر معمولی ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا، سزا معطلی کی درخواست جان بوجھ کر موخر کی جاتی رہی، ٹرائل کے دوران ضمانت مل چکی تھی، الزام بے بنیاد قرار دے دیے گئے تھے۔ درخواست میں کہا گیا کہ سزا معطلی پر فیصلہ کرتے ہوئے مقدمے کے نکات دیکھنا قانونی طور پر ممکن ہے، شواہد کا ابتدائی جائزہ لیے بغیر درخواست مسترد کرنا غلط تھا، نیب نے بار بار التوا لے کر اپیل کو طول دیا اور انصاف میں تاخیر پیدا کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی گرفتاری کا طریق کار غیر قانونی اور غیر ذمے دارانہ تھا، غیر قانونی گرفتاری پر اعلیٰ عدالت نے رہائی کا حکم دیا تھا، احتساب کے نام پر سیاسی بنیادوں پر کارروائی کی گئی، نیب قوانین میں ترمیم سے حتمی اپیل آئینی عدالت کو سننے کا اختیار دیا گیا، اپیل میں آئینی عدالت جانے کا ذکر موجود نہیں، سزا معطلی کی اپیل سپریم کورٹ میں ہی قابلِ سماعت ہے۔ درخواست میں اپیل کی گئی کہ ہائی کورٹ کا حکم کالعدم قرار دے کر سزا معطل کی جائے اور رہائی کا حکم دیا جائے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی اپیلیں خارج کی تھیں۔

بقیہ 12
مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہورہی ہیں، یکم سے 6 جولائی کے دوران کشمیر کے مختلف مقامات پر آندھی اور گرج چمک سے بارش کا امکان ہے، یکم سے 5 جولائی کے دوران کے پی کے مختلف مقامات پر آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 3 اور 4 جولائی کو سکھر، جیکب آباد، لاڑکانہ اور ملحقہ اضلاع میں گرج چمک سے بارش کا امکان ہے جبکہ بلوچستان کے شمال اور شمال مشرقی اضلاع میں یکم سے 4 جولائی کے دوران بارش کی توقع ہے۔ پنجاب کے مختلف مقامات میں یکم سے 6 جولائی تک آندھی اور گرج چمک سے بارش کا امکان ہے جبکہ گلگت بلتستان میں بھی یکم سے 5 جولائی کے دوران بارش ہوسکتی ہے، 2 سے 6 جولائی تک بالائی خیبر پختون خوا، گلگت بلتستان، مری، گلیات اور کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے جبکہ یکم سے 4 جولائی کے دوران اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، گوجرانوالہ، لاہور اور فیصل آباد میں اربن فلڈنگ کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ 13
ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول سعد ارشد اور اے ایس پی نیو ٹاؤن دانیال خان کو تعریفی لیٹرز سے نوازا، ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے ایس ایچ او مورگاہ انسپکٹر گلناز بیگم، ایس ایچ او گنجمنڈی انسپکٹر محمد عثمان، ایس ایچ او نیو ٹاؤن انسپکٹر عاطف ستار، انسپکٹر نثار، انسپکٹر قلزم ظہیر، انسپکٹر محمد عارف، ایس ایچ او وٹی سب انسپکٹر عبدالرحمان، ایس ایچ او پیرودھائی سب انسپکٹر مظہر قادری، ایس ایچ او صادق آباد سب انسپکٹر سجاد احمد، ایس ایچ او وارث خان سب انسپکٹر تصدق رحمٰن، ایس ایچ او نصیر آباد سب انسپکٹر محمد جاوید، ایس ایچ او ویسٹریج سب انسپکٹر غازی حسنین، ایس ایچ او کینٹ سب انسپکٹر سبطین الحسنین، ایس ایچ او سول لائنز سب انسپکٹر محمد ذوالفقار، سب انسپکٹر ممتاز، سب انسپکٹر اشرف، ہیڈ کانسٹیبل نسیم، ہیڈ کانسٹیبل نصیر، ہیڈ کانسٹیبل ذیشان، ہیڈ کانسٹیبل وسیم، ہیڈ کانسٹیبل فدا، ہیڈ کانسٹیبل حمزہ، ہیڈ کانسٹیبل نیاز، ہیڈ کانسٹیبل کامران، ہیڈ کانسٹیبل اکمل، ہیڈ کانسٹیبل مدثر، ہیڈ کانسٹیبل وقاص، ہیڈ کانسٹیبل فیصل اور ہیڈ کانسٹیبل عبدالرحمٰن کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے، ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان کا کہنا تھا کہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رہے گا، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور جرائم کی روک تھام اولین ذمہ داری ہیں۔

بقیہ 14
ماڈل ٹاؤن اسد علی نے بتایا کہ فرار ہوتے ہوئے ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آئی ہے جب کہ متاثرہ لڑکی کے والد کی درخواست پر فوری کارروائی کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزم ذیشان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کیس جینڈر سیل کے حوالے کردیا گیا، خواتین کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کا مزید کہنا تھا کہ قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی اور متاثرہ کو انصاف دلایا جائے گا۔ دوسری جانب پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی جبکہ متاثرہ لڑکی کا طبی معائنہ بھی کروایا جارہا ہے۔

بقیہ 15
تھانہ گولڑہ، تھانہ سمبل، تھانہ ترنول، تھانہ سنگجانی، تھانہ شمس کالونی، تھانہ کھنہ، تھانہ کرپا، تھانہ ہمک، تھانہ لوہی بھیر، تھانی بھارہ کہو، تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 24 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 1460 گرام چرس، 1325 آئس، 67 بوتل شراب، ایک خنجر، ایک گن اور مختلف بور کے 11 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 02 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ 16
میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17
آئیز، 06 ہیڈ کانسٹیبلز، 28 کانسٹیبلز اور 09 لیڈی کانسٹیبلز کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا، اس موقع پر ایس پی سٹی نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر اسلام آباد پولیس میں افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ تمام افسران محنت، جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں۔ پولیس افسران کی اچھی کارکردگی کو سراہا جائے گا جبکہ ناقص اور غیر تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائیاں عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی پولیس آفیسر کو کسی بھی قسم کا مسئلہ یا پریشانی درپیش ہوتو میرے دفتر کے دروازے آپ کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ تمام افسران بہترین فرائض منصبی ادا کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اور امن وامان کو برقرار رکھنا ہماری ترجیح اور ذمہ داری ہے۔

بقیہ 18
فرحان اسلم نے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ راولپنڈی ٹریفک پولیس کی ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ روڈ حادثات میں 73 فیصد متاثرین موٹرسائیکل سوار ہوتے ہیں اور انکے سر پر لگنے والی چوٹیں اموات کی سب سے بڑی وجہ ثابت ہوئیں ہیں جس کے لیے ہیلمٹ کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جارہا ہے۔ ہیلمٹ انفورسمنٹ مہم کے نتیجے میں گزشتہ چند ماہ کے دوران ہیڈ ٹراما کے کیسز میں 40 فیصد کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس میں مزید کمی لانے کے لیے سخت اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سخت انفورسمنٹ کا مقصد ریونیو اکٹھا کرنا ہرگز نہیں ہے بلکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ہیلمٹ کے استعمال سے نہ صرف قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں بلکہ ہسپتالوں کے ایمرجنسی وارڈز پر بھی دباؤ میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ چالان کے خوف سے نہیں بلکہ اپنی اور اپنے اہل خانہ کی سلامتی کے لیے ہیلمٹ پہنیں اور دوران سفر لین لائن ڈسپلن پر بھی سختی سے عمل کریں، کیونکہ ہیلمٹ اور ٹریفک قوانین کی پابندی محفوظ سفر کی ضمانت ہیں۔

بقیہ 19
موقع پرانہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے " آئی جی پی شکایت سیل-1715" پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کرواسکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کررہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کرسکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔

بقیہ 20
سرانجام دیئے، سینئر افسران فیلڈ میں خود تمام انتظامات کی نگرانی کرتے رہے۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ جلوس کے انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹس لگائے گئے، جلوس/مجالس میں آنے والے شرکاء کو مکمل باڈی سرچ کے بعد ہی داخل ہونے دیا گیا، سیف سٹی راولپنڈی و دیگر کیمروں سے مانیٹرنگ بھی کی گئی، جلوس کی سیکورٹی کیلئے روف ٹاپ پر ماہر نشانہ باز بھی تعینات رہے، جلوس کے روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور دیگر راستوں کو سیل کیا گیا۔

بقیہ 21
ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سرپرستی میں زونل ایس پیز کی زیرنگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 507 افراد، 254 گھرانوں، 20 ہوٹلوں، 70 دکانیں، 239 موٹر سائیکلوں اور 124 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 19 مشکوک افراد اور 26 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 22
میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عدالت نے استفسار کیا کہ ملزمان کو کن تاریخوں پر گرفتار کیا گیا جبکہ جسٹس محمد طارق ندیم نے ریمارکس دیئے کہ ملزمان ابتدائی ایف آئی آر میں نامزد نہیں تھے۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان کو بعد ازاں ترمیمی بیان کے ذریعے مقدمے میں نامزد کیا گیا۔ سرکاری وکیل نے مزید موقف اختیار کیا کہ دو مقدمات کے وقوعہ کی ویڈیو ریکارڈنگ موجود ہے اور تفتیشی بیان بھی ریکارڈ کا حصہ ہے۔ جسٹس محمد طارق ندیم نے ریمارکس دیئے کہ عدالت چھٹیوں سے قبل ویڈیو شہادت کے حوالے سے فیصلہ بھی دے چکی ہے اور ویڈیو شہادت قابل اعتماد سمجھی جاسکتی ہے۔ عدالت نے فریقین کے وکلاء کو آئندہ سماعت پر تفصیلی دلائل کی تیاری کے لیے مہلت دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 23
قیادت سول وضلعی انتظامیہ کے نمائندوں، سیاسی و سماجی شخصیات، اہل دیہہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر رینجرز کے چاق وچوبند دستے نے شہید کو مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری سلامی پیش کی۔ شہید نائیک معظم علی نے سوگواران میں ایک بیوہ، تین بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔ اہل خانہ نے کہا کہ انہیں اپنے شہید پر فخر ہے۔ اہل دیہہ کا کہنا ہے شہید کی وطن کے لیے دی گئی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں، قوم اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے یہ بہادر سپوت ہمیشہ قوم کے ہیرو رہیں گے۔

بقیہ 24
سے اکٹھے دودھ لینے کے لیے بازار گئے تو راستہ سے دونوں بچوں کو نا معلوم ملزموں نے اغوا کرلیا گیا۔ پولیس ہڑپہ اور ڈیرہ رحیم نے دومقدمات محمد یار اور رانی بی بی کی مدعیت میں 363 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے ابھی تک ملزم گرفتار نہیں ہوسکے اور نہ ہی تینوں بچے ابھی تک بازیاب ہوسکے ہیں۔ شہریوں نے دن بدن بچوں کے اغوا کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اور پولیس سے فوری اور موثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 25
کو متاثر کیا ہے اور تناؤ کے تسلسل نے دونوں اطراف کے لوگوں پر سب سے زیادہ اثر ڈالا ہے۔ امارت اسلامیہ افغانستان کے سفیر نے بتایا کہ جو مسائل پیدا ہوئے ہیں وہ دونوں فریقوں کے لیے نقصان دہ ہیں۔ وہ تعلقات کو نقصان پہنچاتے ہیں اور لوگوں کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ان مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے اور یہ امارت اسلامیہ کی پالیسی ہے کہ وہ مذاکرات پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 26
کیے، کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے متعلق مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں، آئی جی اسلام آباد نے ہر درخواست گزار کی بات سنی اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام شکایات کو میرٹ، شفافیت اور مقررہ وقت کے اندر حل کیا جائے، انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو انصاف کی بروقت فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو پولیس تک براہ راست رسائی فراہم کرنا، ان کے مسائل کو بغیر کسی تاخیر کے سننا اور ان کے حل کو یقینی بنانا ہے، انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد ہی پولیس کی اصل طاقت ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں، انہوں نے تمام سینئر افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے، ان کی شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور کسی بھی معاملے میں تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ اسلام آباد پولیس عوام دوست پولیسنگ کے فروغ، شفاف احتساب اور بہترین عوامی خدمات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، انصاف کی فراہمی اوران کے مسائل کے بروقت حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ قانون کی پاسداری کریں، پولیس کے ساتھ تعاون جاری رکھیں اور کسی بھی شکایت، جرم یا مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-15 پر دیں تاکہ بروقت قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 27
میں شمار کیا جاتا ہے اور اس مقابلے میں دنیا بھر سے ہزاروں اسکولوں کی درخواستوں میں سے صرف منتخب ادارے ہی فائنلسٹ بنتے ہیں۔ رواں سال پاکستان سے صرف 2 اسکول اس باوقار عالمی اعزاز کے لیے شارٹ لسٹ ہوئے جن میں پنجاب کا ایک نجی اسکول اور سندھ کا سرکاری اسکول شامل ہے۔ سندھ کے شہر حیدرآباد میں واقع گورنمنٹ گرلز لوئر سیکنڈری اسکول ٹنڈو میر غلام حسین نے پاکستان کے لیے اعزاز حاصل کرتے ہوئے ورلڈز بیسٹ اسکول پرائزز 2026 میں کیمونٹی کولیبریشن کی کیٹگری میں دنیا کے ٹاپ 10 فائنلسٹس میں جگہ بنائی ہے۔ وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ نے اسکول کی انتظامیہ، پرنسپل، اساتذہ، طلبہ، والدین اور مقامی برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی صرف ایک اسکول نہیں بلکہ سندھ کے تعلیمی نظام، سرکاری اسکولوں اور پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔

بقیہ 28
کو اغوا کر کے تشدد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق لڑکے کو زندہ دفن کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ پولیس کے مطابق قمر نامی گرفتار ملزم نے لڑکے کو 20 روز قبل مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنایا تھا، 3 ملزمان کو گرفتار کر کے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 29
وصوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کی ہدایت پر مرکزی سیکرٹری اطلاعات وترجمان مسلم لیگ غلام مصطفیٰ ملک نے گڑھ فتح شاہ، چک نمبر 622 گ ب کا دورہ کیا۔ مسلم لیگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری و صوبائی وزیر انڈسٹریز چوہدری شافع حسین نے اپنے پیغام میں کہا کہ نفرت اور تشدد کی سیاست کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ پارٹی قائدین کی ہدایت پر غلام مصطفیٰ ملک نے گڑھ فتح شاہ جا کر واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں، میاں انوار حسین گڈگور سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور مرحوم شوکت علی گڈگور کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی اور کہا کہ شوکت علی گڈگور ایک مخلص، ملنسار اور بااخلاق کارکن تھے، ان کی خدمات اور وفاداری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، مسلم لیگ اپنے کارکنوں کو قیمتی اثاثہ سمجھتی ہے اور مشکل وقت میں انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے رہنما سابق ایم این اے میاں علی گوہر خان بلوچ، ضلعی صدر مسلم لیگ و امیدوار ایم این اے میاں خالد صدیق کامیانہ، امیدوار ایم پی اے سردار قدیر خان، احسن غوری ملتان، مہر مقصود احمد وارثی، احمد یار ہربانہ، میاں امجد گڈگور، میاں الطاف اور دیگر مسلم لیگی رہنما، عمائدین علاقہ اور اہل خانہ بھی موجود تھے۔ مسلم لیگ کے رہنماؤں اور کارکنوں نے گڈگور خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ 30
جگہ پر دن چار بجے پہنچے تو ملزم ماہی ہتھکڑی کو جھٹکا مار کر چھڑانے کے بعد فصل کی جانب فرار ہوگیا جس کے بعد پولیس نے پورے علاقہ کی ناکہ بندی کر ادی موضع مراد دلو کے قریب صبح ایک بجے ڈاکو ذوالقرنین ماہی اور پولیس انسپکٹر محمد اشرف کی ٹیم سرکاری گاڑی 52 ایس ایل جی سے ان کا سامنا ہو گیا تو ملزموں نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر سیدھی فائرنگ کردی پولیس نے حفاظتی اوٹ لے کر جوابی فائرنگ کی فریقین میں گولیوں کا تبادلہ رک جانے کے بعد ڈاکو کو قاتل ذوالقرنین عرف علی ماہی ولد محمد رمضان ماہوں جٹ ساکن 610 گ ب تاندلیانوالہ مردہ پایا گیا اور اسکے دوساتھی فرار ہو چکے تھے۔ پولیس نے ہلاک ملزم کے قبضہ سے موٹر سائیکل 70 سی سی چائنہ اور ناجائز پسٹل بھی برآمد کرلیا۔ تھانہ سی سی ڈی پولیس نے محمد تجمل یعقوب انسپکٹر کی مدعیت میں مقدمہ 224 ت پ درج کرلیا جبکہ پولیس انسپکٹر محمد اشرف کی مدعیت میں مقدمہ 34,186,353,324,302 ت پ اور 13 اے دو اسلحہ آرڈیننس درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے فرار ہونے والے دو ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ٹیم روانہ کردی گئی ہے۔

بقیہ 31
کا وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کے بہاؤ کو برقرار رکھنے، مربوط ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر کرنے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کا آغاز جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا نو پارکنگ اور فٹ پاتھ پر غیر قانونی پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شاپنگ مالز، مارکیٹس، تجارتی مراکز اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دی ہیں، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی طور پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کو کم کرنے کے لئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والے عناصر خصوصاً جو ٹریفک ڈسپلن کو متاثر کرتے ہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ تجارتی مراکز میں پارکنگ کیلئے مختص جگہ پر پارکنگ کو یقینی بناتے ہوئے نو پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو رعایت نہ دی جائے، فٹ پاتھ پر پیدل چلنے والوں کا حق ہے فٹ پاتھ پر کسی قسم کی پارکنگ یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، تجارتی مراکز میں آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس سے تعاون کریں تاکہ شہر میں مربوط ٹریفک کے نظام کو برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ 32
چھینے گئے 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن بر آمد کیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد میں موٹر سائیکل چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کیخلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں جس کی وجہ سے وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کے واقعات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایات کی کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور انہیں قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 33
نواز شریف نے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ""Pera Ask"" پورٹل کو مزید فعال کرنے کا حکم اور ڈی جی پیرا کو براہ راست پبلک انٹرایکشن اور عوامی رابطہ بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ پیرا کا عدالتی محاذ پر 99 فیصد کنوکشن ریٹ کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عوام پر رعب جھاڑنے اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے والے اہلکاروں کی پیرا میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ بد سے بدنام بہت برا ہوتا ہے، پیرا کی گڈ ول پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ پیرا کا ہر ایکشن عوام دوست ہونا چاہیے۔ کرپشن اور اختیارات کا ناجائز استعمال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پیرا ریکوزیشن رولز کے مطابق کارروائی یقینی بنائے۔ بریفنگ میں اجلاس کو بتایا گیا کہ دیگر محکموں کی 351 ملازمین کو محکمانہ نظم وضبط کی خلاف ورزی پر واپس محکموں میں بھیج دیا گیا۔ پیرا کا کنوکشن ریٹ کا تناسب 99 فیصد رہا ہے۔ پیرا کا چالان کا پورا نظام مکمل طور پر الیکٹرانک کیا جا رہا ہے۔ ڈیجیٹل شواہد اور ٹرائل فورس ریکوزیشن کے بعد کا تمام ریکارڈ سسٹم میں محفوظ کیا رہا ہے۔ پیرا فورس اب تک 62 ہزار سے زائد ڈیجیٹل ریکوزیشن پر کارروائیاں عمل میں لا چکی ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پیرا کی جانب سے صوبہ بھر میں 15 لاکھ 27 ہزار 28 انسپکشن کی گئیں۔ انسپکشن کے دوران قوانین کی خلاف ورزی پر 3 ہزار 509 دکانیں سیل کی گئیں۔ اینٹی انکروچمنٹ مہم کے تحت اب تک 21 ہزار کنال سے زائد اراضی واگزار کرائی جا چکی ہے۔ قیمتوں میں خودساختہ اضافے اور تجاوزات پر اب تک 1700 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ قیمتوں میں خودساختہ اضافے اور تجاوزات کی وجہ سے گرفتار ہونے والے ایک ایک کارروائی کا منظم ڈیٹا سسٹم میں موجود ہے۔

بقیہ 34
ایکٹیویٹ سم سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹ ناقابل رسائی ہوسکتے ہیں، تاہم صارفین واٹس ایپ اکاؤنٹ کے اچانک لاگ آؤٹ ہونے سے پہلے ضروری اقدامات کریں۔ اتھارٹی نے صارفین کو ہدایت کی ہے کہ صارفین اپنے واٹس ایپ کو فعال اور رجسٹرڈ سم سے منسلک رکھیں، واٹس ایپ نمبر فعال سم سے منسلک ہونے کی فوری تصدیق کریں، غیر فعال سم استعمال کرنے والے صارفین فوری طور پر فعال سم پر منتقل ہوں، ضرورت پڑنے پر قریبی فرنچائز یا کسٹمر سروس سینٹر سے رجوع کریں۔ پی ٹی اے حکام کا کہنا ہے کہ بائیومیٹرک تصدیق اور سم کی توثیق مکمل کرائیں، واٹس ایپ اکاؤنٹ، رابطوں اور ڈیجیٹل شناخت کے تحفظ کے لیے احتیاطی اقدامات ضروری ہیں، موبائل نمبر صرف رابطے کا ذریعہ نہیں، آپ کی ڈیجیٹل شناخت بھی ہے، تاہم اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹ اور ڈیجیٹل شناخت کو محفوظ بنائیں۔

بقیہ 35
جاسکیں گے، یونین کونسلز حلقہ بندی اعتراضات پر فیصلہ 29 جولائی تک کیا جائے گا۔ پنجاب یونین کونسلز حلقہ بندی کمیٹیوں کو فیصلوں سے آگاہ کرنے کی آخری تاریخ 7 اگست مقرر ہے۔ شیڈول کے مطابق پنجاب یونین کونسلز کی حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست 17 اگست کو شائع کی جائے گی، حلقہ بندیاں مکمل ہونے کے بعد پنجاب میں باقاعدہ سے انتخابی شیڈول جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 36
سے پہلے تمام غیر قانونی افغان باشندوں کو گرفتار کیا جائے۔ صوبائی چیف سیکرٹریز، آئی جیز اور اسلام آباد انتظامیہ کو سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کردی گئی۔ مراسلے میں 11 جولائی سے گرفتاریوں اور کارروائیوں کی یومیہ رپورٹ وزارت داخلہ کو جمع کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بغیر ویزا ملنے والے افغان شہریوں کی تعداد، کارروائی اور موجودہ حیثیت شامل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مراسلے میں معاملے کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے فوری اور مکمل عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 37
بارشوں سے اچانک گلیشیر پگھلنے، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور مٹی کے تودے گرنے کا بھی خطرہ ہے۔ این ڈی ایم اے نے گلیشیائی جھیلیں پھٹنے، اچانک سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کیخطرات سے خبردار کر دیا جبکہ 3 جولائی 2026 تک مون سون کی بارشوں کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق گلگت بلتستان، خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر میں گلیشیائی برف پگھلنے سے دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کا بہاؤ تیز اور پانی کی سطح اچانک بلند ہونے کا خدشہ ہے۔ سیاحوں، مسافروں اور مقامی افراد کو گلیشیئرز سے نکلنے والے ندی نالوں اور دریا کناروں سے دور رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ الرٹ میں کہا گیا ہے کہ ہنزہ، نگر، غذر، اسکردو، شگر، گانچے، کھرمنگ، استور، دیامر کے رہائشی خصوصی احتیاط برتیں۔ اپر ولوئر چترال، سوات اور ملحقہ علاقوں میں بھی موسم میں تبدیلیوں سے ہوشیار رہیں۔ گلیشیئرز سے ملحقہ وادیوں اور آبادیوں میں خطرات کے پیش نظر مقامی انتظامیہ الرٹ رہے۔ دریاؤں، ندی نالوں، گلیشیائی جھیلوں اور دریا کناروں کے قریب نقل وحرکت سے گریز کیا جائے۔ این ڈی ایم اے نے ہدایت کی ہے کہ پہاڑی ندی نالوں میں پانی کی سطح اچانک بڑھنے، پانی کے رنگ میں تبدیلی یا گلیشیئر سے غیر معمولی آوازیں سنائی دینے پر متعلقہ انتظامیہ کو فوری اطلاع دیں۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے مکمل تیار رہیں۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف حصوں میں یکم جولائی سے مون سون کے آغاز کی پیشگوئی کردی۔ ترجمان محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے شمال مشرق پنجاب اور کشمیر سے مون سون کا آغاز ہونے کا امکان ہے، یکم جولائی سے ملک کے شمالی حصے اور پنجاب کے شمال مشرقی حصے میں بارش ہوسکتی ہے۔

بقیہ 38
دی گئیں ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف 15 جولائی کو سرگودھا آمد پر ڈی ایچ کیو ہسپتال سے ملحقہ 50 ایکڑ رقبہ پر ساڑھے 11 ارب روپے کی خطیر رقم سے مکمل ہونے والے گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا افتتاح کریں گئیں جس کو فنکشنل کرنے کے لئے ڈاکٹرز وسٹاف کے تقرر سمیت تمام امور پر کام تیزی سے جاری ہے جیسے 10 جولائی تک مکمل کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔ اس میگا پراجیکٹ کے تحت مکمل ہونے والے گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 15 جولائی کو افتتاح کر کے فنکشنل کر دیں گے۔ کو سرگودھا آمد پر کریں گئیں جس میں 400 بیڈز کی گنجائش رکھی جائے گا اور پہلے مرحلہ میں 200 بیڈز پر مشتمل ہسپتال کو جدید مشینری کی تنصیب مکمل کر کے فنکشنل کیا جارہا ہے۔ مسلم لیگ ن علماو مشائخ ونگ سرگودھا کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے بتایا وزیراعلیٰ پنجاب کی آمد کی تیاریاں شروع کردی گئی ہے جن کا شایان شان استقبال کیا جائے گا جو کارڈیالوجی ہسپتال کے افتتاح پر اجتماع سے خطاب کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ 7 منزلہ نواز شریف کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ کے فنکشنل ہونے سے ڈویژن کے چاروں اضلاع کے ساتھ ملحقہ اضلاع کے دل کے مریضوں کو جدید ترین طبی سہولیات میسر آئیں گئیں۔

بقیہ 39
گئے۔ ترجمان کے مطابق 15 اضلاع میں واسا ایجنسیاں 205 ارب روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام مکمل کر رہی ہیں، پیچیدہ انجینئرنگ نوعیت کے منصوبے مکمل کیے جا رہے ہیں، مجموعی طور پر 2265 کلومیٹر سیوریج لائنز مکمل کر رہے ہیں، 189 کلومیٹر برساتی ڈرینز کا کام بھی جاری ہے، 27 نئے، 59 پرانے ڈسپوزل اسٹیشنز کی اپ گریڈیشن کی جارہی ہے۔ ترجمان کے مطابق بارشی پانی محفوظ کرنے کیلئے 9 میگا واٹر سٹوریج ٹینکس بنائے جار ہے ہیں، عام تعطیلات اور وقفے وقفے سے بارشوں کے باوجود ترقیاتی کام جاری ہیں، بارشوں کے باعث بعض مقامات پر ترقیاتی سرگرمیاں عارضی طور پر متاثر ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کی پیش رفت مقررہ اہداف کے مطابق جاری ہے، ترقیاتی منصوبے جلد مکمل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 40
جی اسپیشل ایجوکیشن کے ہمراہ مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن، سنٹر آف ایکسی لینس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ معاون خصوصی ثانیہ عاشق نے خصوصی بچوں کے ساتھ وقت گزارا اور نئی سہولیات کے بارے میں عملے سے تفصیلی بریفنگ لی۔ خصوصی بچوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو یہ خوبصورت ادارہ دینے پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ والدین اور عملے نے بھی معاون خصوصی سے درخواست کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب تک ان کا پیغام تشکر پہنچایا جائے۔ معاون خصوصی برائے اسپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے خصوصی بچوں کی بہتری کے لیے تمام وسائل بھرپور طریقے سے فراہم کیے ہیں۔ یہ بچے جنہیں وزیراعلیٰ اپنے بچے کہتی ہیں، ان کی اولین ترجیح ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف اور ان کی ٹیم ان بچوں کے لیے والدین والا درد رکھتی ہیں۔ معاون خصوصی نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی ان بچوں کے ساتھ محبت الفاظ میں بیان نہیں ہوسکتی۔ یہ سب وزیراعلیٰ پنجاب کی ذاتی توجہ اور نگرانی کا ثمر ہے۔ اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب وزیراعلیٰ کے ویژن کے تحت پنجاب بھر میں خصوصی بچوں کی تعلیم، تربیت اور بہبود کے لیے مسلسل سرگرم عمل ہے۔

بقیہ 41
انعام الحق اور راحیل لودھی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ملزمان پر الزام ہے کہ انہوں نے ریزرو پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کی تھی۔ پولیس حکام نے کہا کہ ملزمان کی فائرنگ کے نتیجے میں ریزرو پولیس کے 3 اہلکار جاں بحق جبکہ 27 اہلکار زخمی ہوئے تھے۔ اس واقعے کا مقدمہ سال 2011 میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم عمران اور انعام الحق کو 2011 میں گرفتار کیا گیا، جبکہ راحیل لودھی کو 2015 میں حراست میں لیا گیا۔ ملزم رئیس ماما کو 2018 میں کراچی ایئرپورٹ سے گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ 42
طور پر تبدیل شدہ مکئی نے پاکستان کے مقررہ حفاظتی اور ریگولیٹری مراحل مکمل کرنے کے بعد منظوری حاصل کی ہے۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنانے سے پاکستان کی مکئی کی برآمدات تقریباً ایک ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ قومی زرعی بائیو ٹیکنالوجی پالیسی پر موثر عملدرآمد زرعی پیداوار، برآمدات اور کسانوں کی آمدن بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 43
اور شفافیت کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق الیکٹرانک کلائنٹ ریکارڈ (ای سی آر) سسٹم کا نفاذ آبادی بہبود کی خدمات کو جدید بنانے اور خاندانی منصوبہ بندی کے پروگراموں کی مؤثر نگرانی کی جانب اہم پیشرفت ہے۔ رپورٹ کے مطابق اب تک مجموعی طور پر 213 سروس فراہم کنندگان کو ای سی آر سسٹم پر تربیت دی جا چکی ہے جو اب خدمات کی فراہمی سے متعلق ڈیٹا ریئل ٹائم میں رپورٹ کر رہے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد ڈیٹا کی درستگی میں اضافہ، شفافیت کو مضبوط بنانا اور تولیدی صحت کی خدمات کی مؤثر نگرانی ممکن بنانا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ روایتی رپورٹنگ نظام سے ڈیجیٹل ریکارڈ کی جانب منتقلی خاندانی منصوبہ بندی کے پروگراموں کے انتظام میں بڑی تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہے۔ نئے نظام کے تحت خدمات کی فراہمی سے متعلق معلومات کو فوری طور پر ریکارڈ اور مانیٹر کیا جا سکتا ہے جس سے متعلقہ ادارے پروگرام کی کارکردگی کا مؤثر انداز میں جائزہ لے سکیں گے اور خدمات کی فراہمی میں موجود خامیوں کی بروقت نشاندہی کرسکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کو توقع ہے کہ 2026 کے اختتام تک ای سی آر سسٹم کے ذریعے خدمات سے متعلق 100 فیصد ڈیٹا ریئل ٹائم میں رپورٹ کیا جارہا ہوگا۔ رپورٹ میں اعتراف کیا گیا ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کے آغاز میں خصوصاً فیلڈ عملے کی جانب سے سافٹ ویئر کو سمجھنے اور استعمال کرنے کے حوالے سے بعض مشکلات کا سامنا رہا، تاہم اس منتقلی کو آسان بنانے کے لیے مسلسل استعداد کار بڑھانے، ریفریشر تربیتی پروگراموں اور تکنیکی معاونت کے نظام متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جیسے جیسے پالیسی ساز آبادی اور تولیدی صحت سے متعلق مسائل کے حل کے لیے شواہد پر مبنی حکمت عملی اختیار کر رہے ہیں ڈیٹا مینجمنٹ اور رپورٹنگ نظام کو بہتر بنانا مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے، یہ اقدام خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کو جدید بنانے اور تولیدی صحت سے متعلق معلومات اور سہولیات تک عوام کی رسائی بہتر بنانے کی وسیع حکومتی کوششوں کا حصہ ہے، ڈیجیٹل اصلاحات کے ساتھ ساتھ حکومت تولیدی صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے قانون سازی بھی کر رہی ہے۔

بقیہ 44
عارف حبیب کنسورشیم کو منتقل کردیا گیا۔ پی آئی اے کی نجکاری کے تحت پہلی فنانشل کلوزنگ کی کامیاب تکمیل معاشی سنگ میل قرار دیا گیا۔ کامیابی حکومت کے اقتصادی اصلاحات کے پروگرام میں اہم ترین پیشرفت ہے۔ کامیابی وزیراعظم کی قیادت میں شفاف اور سرمایہ کاردوست نجکاری کے عزم کی عکاس ہے۔ شیئر خریداری کے رواں سال 29 جنوری کے معاہدے کی تمام شرائط کو ریکارڈ وقت میں مکمل کیا گیا۔ معاہدے کی شرائط کی تکمیل میں بلاتعطل ایئرلائن آپریشنز کو کامیابی سے برقرار رکھا گیا۔ نجکاری کمیشن کے مطابق منتقلی کے عمل میں مسافروں کیلیے خدمات کے تسلسل کو ہر صورت یقینی بنایا گیا، خریدار کنسورشیم نے حکومت کو اب تک 10 ارب روپے کی نقد ادائیگی کردی ہے۔ عارف حبیب کنسورشیم کی جانب سے پی آئی اے میں 80 ارب کی خطیر سرمایہ کاری کردی گئی۔ نئی سرمایہ کاری کا مقصد ایئرلائن کی مالی حالت کو مضبوط اور ہوائی بیڑے میں توسیع لانا ہے۔ بھاری سرمایہ کاری سے پی آئی اے کی آپریشنل کارکردگی اور کسٹمر سروس کو بہتر بنانا ہے۔ آئندہ ایک سال میں دوسری فنانشل کلوزنگ تک خریدار مزید 45 ارب کی سرمایہ کاری کرے گا۔ بقیہ 25 فیصد شیئرز خریدنے کی صورت میں 45 ارب کی مزید ادائیگی حکومت کو کی جائیگی۔ خریدار کنسورشیم پی آئی اے کے بقیہ 25 فیصد شیئرز خریدنے کا تحریری عندیہ دے چکا ہے۔ مشیر نجکاری محمد علی کے مطابق نجکاری سے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد مزید بڑھے گا، نجکاری کمیشن تاریخی کامیابی کے لیے وفاقی کابینہ اور نجکاری کمیشن بورڈ کے تعاون کو سراہتا ہے۔ وزارت دفاع، وزارت خزانہ، ریگولیٹری اتھارٹیز اور مالیاتی مشیر کے تعاون کے مشکور ہیں۔

بقیہ 45
کروا دی ہے تاہم ذرائع نے بتایا کہ گل پلازا جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ چالان کا حصہ نہیں بنائی گئی ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق پنجاب فرانزک لیب کی رپورٹ میں کسی بھی قسم کے دھماکا خیز مواد کی موجودگی کی نفی کرتے ہوئے گل پلازا کی آگ کو حادثاتی قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ آگ کی شروعات دکان نمبر 193 سے ہوئی جہاں دکاندار نعمت اللہ اکثر اوقات اپنی دکان 11 سالہ بیٹے حذیفہ کے سپرد کر کے چلا جاتا تھا۔ تحقیقات کے مطابق حذیفہ کی جانب سے ماچس کی تیلیاں جلا کر پھینکنے سے مصنوعی پھولوں میں آگ بھڑک اٹھی جس پر نعمت اللہ اور حذیفہ دونوں کو غفلت اور لاپرواہی کا مرتکب قرار دیا گیا ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں دکاندار نعمت اللہ، اس کے 11 سالہ بیٹے حذیفہ، گل پلازا کمیٹی کے صدر تنویر پاستا، نائب صدر عمار اسماعیل، جنرل سیکریٹری محمد امین اور جوائنٹ سیکریٹری محمد رمضان کو ملزم نامزد کیا گیا ہے جبکہ پولیس نے تمام ملزمان کو مفرور قرار دے دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کم عمر بچے کو دکان پر کام سے نہ روکنا مارکیٹ یونین کی غفلت تھی، رپورٹ کے مطابق آتشزدگی کے بعد مارکیٹ یونین کی جانب سے نہ تو بروقت ایمرجنسی اطلاع دی گئی اور نہ ہی امداد طلب کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گل پلازا کے تمام گیٹ بند تھے اور یونین کی جانب سے انہیں بروقت نہیں کھلوایا گیا جس کے باعث لوگوں کو باہر نکلنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تحقیقات کے مطابق یونین کے صدر تنویر پاستانے کے الیکٹرک کو فون کر کے بجلی بند کروائی جس کے نتیجے میں اندھیرا چھا گیا اور متعدد افراد مارکیٹ کے اندر پھنس گئے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ سانحہ گل پلازا میں 72 افراد جاں بحق ہوئے جبکہ 4 لاشوں کی باقیات تاحال کسی نے وصول نہیں کیں۔ مزید برآں تحقیقات کے دوران 4 عینی شاہدین کے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 164 کے تحت بیانات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔

بقیہ 46
گرانٹ سائیکل میں تقریباً نصف ارب ڈالر شامل ہیں۔ لیکن ان امراض کے خلاف کوششیں ناکارہ طرز حکمرانی، کمزور خریداری کے نظام اور مالی بیضابطگیوں کے باعث شدید متاثر ہورہی ہیں

بقیہ 47
وزیرمملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے زراعت احمد عمیر اور متعلقہ اداروں کے اعلی افسران شریک تھے۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد از جلد مرتب کرنے اور زرعی شعبے میں ایپکس فورم قائم کرنے کی ہدایت کی، یہ فورم ایگریکلچر انوویشن اور گروتھ پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے ماہانہ اجلاس منعقد کرے گا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ زرخیز- ای زرعی قرضہ پروگرام سے متعلق ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے تاکہ کسانوں کو آسان زرعی قرضوں تک رسائی مزید بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو صحیح معنوں میں زرعی تحقیق کا مرکز بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، بہتر بیج، جدید زرعی ٹیکنالوجی، پانی اور کھاد کی بروقت اور مناسب فراہمی سے فی ایکڑ پیداوار بڑھے گی۔ وزیراعظم نے زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن، بہتر ویئر ہاسنگ اور جدید ذخیرہ سازی کے نظام پر توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم کو زرعی شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔ وزیراعظم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر کی طرف سے آزمائشی بنیادوں پر ملٹی گرین آٹے کی تیاری جاری ہے، مصنوعی ذہانت پر مبنی ایپ تیار کی جا رہی ہے جو کسانوں کو کیڑوں اور فصلوں میں بیماریوں کے مؤثر تدارک میں مدد فراہم کرے گی۔ بریفنگ کے مطابق نیشنل کریڈٹ گارنٹی کمپنی لیمٹڈ کسانوں کی آسان قرضوں تک رسائی کے لئے فنڈ مہیا کرے گی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ نیشنل سیڈ پالیسی اور نیشنل ایگریکلچر بائیو ٹیکنالوجی پالیسی حال ہی میں منظور ہو چکی ہیں، پاکستان نیشنل اولیو (Olive) ویلیو چین پالیسی پر مشاورت مکمل ہو چکی اور جلد منظوری کے لئے پیش کی جائے گی۔ گندم سے متعلق قومی پالیسی، اور لائیو اسٹاک سے متعلق کئی پالیسیوں پر مشاورت جاری ہے۔

بقیہ 48
فی کس مقرر کی گئی تھی۔ تاہم تنخواہوں پر اعتراضات سامنے آنے کے باعث ادائیگی کا عمل روک دیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق معاملہ بعد ازاں صوبائی الیکشن بورڈ کو بھجوایا گیا، جہاں سے اس کا تفصیلی جائزہ لے کر سفارشات تیار کی گئیں اور انہیں صوبائی کابینہ کو ارسال کیا گیا۔ صوبائی کابینہ نے سفارشات کی منظوری دیتے ہوئے ایم ڈیز کی تنخواہوں کی ادائیگی کی اجازت دے دی ہے۔ ادائیگی کی منظوری کے بعد وہ تمام ایم ڈیز، جو گزشتہ 8 ماہ سے تنخواہوں کے منتظر تھے، اب اپنے واجبات حاصل کرسکیں گے۔

بقیہ 49
سی ڈی اے نے بتایا کہ بارہ کھو کے قریب یہ منصوبہ دنیا کے منفرد جنگلی تجربات پاکستان لانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ترجمان سی ڈی اے کے مطابق یہ میگا پراجیکٹ ماحول دوست سیاحت، جنگلی حیات کے تحفظ اور فیملی تفریح کے لیے ہوگا۔

بقیہ 50
ہیلی کاپٹر حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے جس میں 14 سعودی شہری جان کی بازی ہار گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی جانب سے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، جاں بحق افراد کے اہل خانہ اور سعودی عرب کے برادر عوام سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پاکستان اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سعودیہ عرب میں ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا جس کے باعث اس میں سوار تمام 14 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔

بقیہ 51
افادیت کے حق میں مضبوط سائنسی شواہد موجود نہیں۔ ویسٹرن یونیورسٹی کی ماہر حیاتیات نوشا کیغوبادی کے مطابق صرف مادہ مچھر انسانوں کو کاٹتی ہیں کیونکہ انہیں اپنے انڈوں کی نشوونما کے لیے خون سے حاصل ہونے والے غذائی اجزا درکار ہوتے ہیں، اسی لیے وہ انسانوں کو اپنا اہم شکار بناتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق مچھر اپنے شکار کی شناخت جسم کی حرارت، سانس سے خارج ہونے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ اور جسم کی قدرتی بو کے ذریعے کرتے ہیں۔ چونکہ ہر انسان کے جسم کی بواس کے جینیاتی عوامل، جسمانی ساخت اور خوراک کے باعث مختلف ہوتی ہے، اس لیے بعض افراد مچھروں کو دوسروں کی نسبت زیادہ اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ نوشا کیغوبادی نے بتایا کہ کیلے کے استعمال سے متعلق بعض تحقیقات میں یہ دیکھا گیا کہ کچھ افراد کیلا کھانے کے بعد مچھروں کے لیے زیادہ پرکشش ہوگئے، تاہم یہ اثر ہر شخص میں یکساں نہیں پایا گیا۔ اسی طرح لہسن اور وٹامن بی کے استعمال سے مچھروں کو دور رکھنے کے دعوں کے حق میں بھی کوئی مضبوط سائنسی ثبوت موجود نہیں، البتہ چند مطالعات سے یہ اشارہ ملا ہے کہ بیئر پینے کے بعد بعض افراد مچھروں کے لیے زیادہ پرکشش ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 52
ایس پی سکیورٹی نے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ عدالت میں آنے والے ہر فرد کی موثر اور مکمل چیکنگ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ سکیورٹی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سکیورٹی ڈیوٹی میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ججز، وکلا اور سائلین کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ سید محمود الحسن نے متعلقہ افسران کو لاہور ہائیکورٹ کے سکیورٹی انتظامات کو مزید موثر اور فول پروف بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 53
پانی پر ہاتھ ڈالے گا اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے۔ وزیر ماحولیاتی تبدیلی نے کہا کہ کیا یہ حق سب کو مل گیا ہے کہ اوپر رہنے والے لوگ نیچے والوں کا پانی روک لیں گے؟ حق کے لیے کھڑا ہونا ہماری روایت ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ ہمارا ہمسایہ ملک انڈس ٹریٹی سے مکر رہا ہے، مودی پاکستان میں آبی دہشت گردی کرنا چاہتا ہے۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جاسکتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے ہمیشہ کہا ہے کہ پانی ہماری بقا کا معاملہ ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پوری دنیا سے پانی کی اہمیت پر کانفرنس میں شرکت کیلئے ماہرین آرہے ہیں اور اس کانفرنس میں انڈس واٹر ٹریٹی پر پاکستان کی اہمیت پر بات ہوگی۔

بقیہ 54
پاکستان سٹاک ایکسچینج کو خط لکھ دیا ہے۔ خط میں لکھا گیا کہ تیل کی پیداوار کو فوری استعمال میں لانے کیلئے 4 انچ قطر اور ڈیڑھ کلومیٹر لائن بچھادی گئی ہے جبکہ بوبی ڈیپ ون کنوئیں سے یومیہ خام تیل کی پیداوار درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرے گی۔

بقیہ 55
ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل نے شہری مبشر عباس کی توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت کے حکم پر آئی جی پنجاب پولیس راؤ عبدالکریم اور ڈی آئی جی منصور الحق پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا آئی جی صاحب آپ نے عدالت کا آرڈر پڑھا، کیوں عدالت کے آرڈر پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ عدالت کے حکم پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کے آرڈر پڑھے۔ عدالت نے کہا کہ آپ کریمنل کا پرفارما بنائیں اور تمام ڈی پی اوز کو بھجوائیں۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ مقدمہ سے بری ہونے کے باوجود اس کا نام پولیس کریمنل ریکارڈ لسٹ سے نہیں نکالا گیا۔ عدالت نے کریکٹر سرٹیفکیٹ کے ریکارڈ کی درستگی کا حکم دیا۔ ابھی تک عدالت کے حکم کی پاسداری نہیں کی گئی۔ عدالت ڈی آئی جی منصور الحق سمیت ذمہ داروں کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائے۔

بقیہ 56
سے غیر قانونی محرومی ہے۔ حکمنامہ میں کہا گیا کہ بیوی اپنے زیورات کی واپسی کیلئے فیملی کورٹ سے رجوع کرسکتی ہے۔ عدالت عظمٰی کے حکمنامہ کے مطابق والدین کی جانب سے دلہن کو دیا گیا سونا اسکی ذاتی ملکیت قرار دیا گیا۔ حکمنامہ کے مطابق فیملی کورٹ کو بیوی کے ذاتی سامان، زیورات کے کیسز سننے کا مکمل اختیار ہے، سپریم کورٹ نے سونے کے زیورات سے متعلق اپیل مسترد کرتے ہوئے درخواست خارج کردی۔ عدالت عظمٰی کے حکمنامہ کے مطابق شوہر، ساس کے خلاف زیورات کی واپسی کا دعویٰ فیملی کورٹ میں قابل سماعت ہے۔ حکم نامہ کے مطابق دلہن کو ملنے والے برائیڈل گفٹس بھی اس کی ذاتی ملکیت تصور ہوں گے۔

بقیہ 57
پیش کی گئی ہے۔ اس سے قبل گزشتہ سال کابینہ نے برتھ رجسٹریشن فیس ایک سال کے لیے معاف کرنے کی منظوری دی تھی۔ محکمہ بلدیات نے اب فیس کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کی سفارش کرتے ہوئے سمری چیف سیکرٹری پنجاب آفس کو ارسال کی ہے، جہاں سے اسے مزید منظوری کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب کو بھجوادیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق تجویز کا مقصد شہریوں کو سہولت فراہم کرنا اور بچوں کی پیدائش کی بروقت رجسٹریشن کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 58
حافظ انیس الرحمن اور عمر دراز سمیت دیگر افراد شامل تھے۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے نائب مہتمم حافظ اسعد عبید، قران بورڈ پنجاب کے چیئرمین مولانا حافظ زبیر حسن، مولانا اویس حسن، مولانا سعد بن اسعد، مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی سمیت دیگر علماء سے ملاقات کی اور مولانا حافظ حسن اشرفی کے بیٹے حافظ حسین اشرفی کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان حافظ قرآن بیٹے کی اچانک وفات والدین اور خاندان کے لیے بہت بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جامعہ اشرفیہ لاہور کے علماء، انتظامیہ اور مرحوم کے لواحقین وورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اس موقعہ پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ اشرفیہ لاہور کی دینی وعلمی خدمات اور بانی جامعہ اشرفیہ حضرت مولانا مفتی محمد حسنؒ سمیت دیگر علماء کی خدمات قابل فخر اور لائق تحسین ہیں اور اس کا علمی ودینی فیضان پاکستان سمیت پوری دنیا میں جاری ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 59
اور افراد کے درمیان روابط کی نشاندہی اور مالیاتی نیٹ ورکس کا تجزیہ بھی ممکن ہوگا۔ نیب حکام کے مطابق اے آئی پورٹل کو ادارے کے موجودہ قوانین اور تفتیشی طریقہ کار سے ہم آہنگ بنایا گیا ہے تاکہ حاصل ہونے والے تجزیاتی نتائج قانونی تقاضوں کے مطابق ہوں۔ حکام کے مطابق مصنوعی ذہانت ابتدائی تجزیے، ڈیٹا کی درجہ بندی اور رپورٹس کی تیاری میں معاون ثابت ہوگی تاہم تفتیش، شواہد کی جانچ اور قانونی کارروائی کا حتمی اختیار متعلقہ تفتیشی افسران کے پاس ہی رہے گا۔ چیئرمین نیب کی منظوری کے بعد مصنوعی ذہانت پر مشتمل تفتیشی نظام فعال کردیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر RMK روڈ سے متعلق اہم اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) مری کامران ضغیر بھی موجود تھے، رکن قومی اسمبلی اسامہ سرور نے خصوصی شرکت کی

روڈ کی تعمیر میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، کام کی رفتار میں مزید بہتری لائی جائے، آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر RMK روڈ سے متعلق ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس مری میں منعقد ہوا۔اس اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) مری کامران ضغیر بھی موجود تھے ۔اجلاس میں رکن قومی اسمبلی اسامہ سرور نے خصوصی شرکت کی، جبکہ ایکسین ہائی وے جناب محمد عدیل متعلقہ کنٹریکٹر اور دیگر متعلقہ افسران بھی شریک کی۔اجلاس کے دوران RMK روڈ پر جاری تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور بروقت تکمیل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔شرکاء نے منصوبے میں حائل مسائل، تعمیراتی (بقیہ نمبر 5)

پنجاب میں ادویات کی سپلائی چین ڈیجیٹل بنانے کا آغاز

جعلی اور غیر معیاری ادویات کی موثر نگرانی ممکن ہو سکے گی، وزیر صحت خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صحت کے شعبے میں ایک اور اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جس کے تحت پنجاب ڈرگ ڈسٹری بیوشن مینجمنٹ کے ذریعے ادویات کی سپلائی چین کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس نظام کے تحت پہلی مرتبہ ادویات کی مینوفیکچرنگ سے لے کر ریٹیل فارمیسی تک مکمل ڈیجیٹل ٹریکنگ (بقیہ نمبر 7)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کر رہے ہیں

ٹیکس نادہندگان اور جعلسازی کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

فوڈ چینز اور پراپرٹی ڈویلپرز کیخلاف کارروائیاں، کروڑوں روپے کا ٹیکس فراڈ پایا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس نادہندگان اور جعلسازی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ترجمان کے مطابق معروف ریسٹورنٹس، فوڈ چینز اور پراپرٹی ڈویلپرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران کروڑوں روپے کا (بقیہ نمبر 10)

ملک بھر میں یکم جولائی سے مون سون بارشوں کی پیشگوئی

30 جون کی شام یا رات سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک میں داخل ہوسکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک میں جولائی کے پہلے ہفتے میں مون سون بارشوں کی پیش گوئی کر دی۔محکمہ موسمیات کے مطابق 30 جون کی شام یا رات سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک میں داخل ہوسکتا ہے، بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں ملک کے مشرقی اور وسطی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں، 2 جولائی سے خلیج بنگال سے بھی (بقیہ نمبر 12)

آزاد کشمیر کابینہ نے آئندہ مالی سال کے بجٹ کی منظوری دے دی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور کی زیر صدارت اجلاس میں کابینہ نے مالی سال 27-2026 کے بجٹ کی منظوری دے دی۔ یہاں جاری بیان کے مطابق مالی سال 27-2026 کے بجٹ کا حجم 286 ارب ہے جس میں ترقیاتی بجٹ 36 ارب ہے، تنخواہوں اور پنشن میں 7 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔وزیر خزانہ چوہدری (بقیہ نمبر 8)

میٹرک ٹیک کے دوسرے سالانہ امتحانات 2026ء کیلئے شیڈول جاری

لاہور (این این آئی) میٹرک ٹیک کے دوسرے سالانہ امتحانات 2026ء کے لئے شیڈول جاری کر دیا گیا۔میٹرک ٹیک کے امتحانات کا 15 ستمبر 2026ء سے آغاز ہو گا، بورڈ کی جانب سے نارمل فیس کے ساتھ آن لائن داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 6 جولائی 2026ء مقرر کی گئی ہے جبکہ دوگنا فیس کے ساتھ فارم 7 سے 14 جولائی اور تین گنا فیس کے ساتھ 15 سے 23 جولائی تک جمع ہوں گے۔ میٹرک ٹیک پارٹ (بقیہ نمبر 9)

190 ملین پاؤنڈ کیس، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے فیصلہ چیلنج کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ چیلنج کرتے ہوئے سزا معطلی کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا۔بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی جانب سے دائر درخواستوں میں کہا گیا کہ سزا معطلی کی درخواست (بقیہ نمبر 11)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول سعد ارشد اور اے ایس پی نیو ٹاؤن دانیال خان کو تعریفی لیٹرز سے نوازا

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول اور اے ایس پی نیو ٹاؤن کو تعریفی لیٹرز سے نوازا

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم کی روک تھام اولین ذمہ داری ہیں، ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی گئی، ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول سعد ارشد اور اے ایس پی نیو ٹاؤن دانیال خان کو تعریفی لیٹرز سے نوازا۔تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، (بقیہ نمبر 13)

لاہور میں ذہنی معذور لڑکی کے ساتھ زیادتی، ملزم گرفتار

متاثرہ لڑکی کا طبی معائنہ کروایا جا رہا ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے علاقے کاہنہ میں ذہنی معذور لڑکی کے ساتھ زیادتی کا دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا، پولیس نے ملزم گرفتار کر لیا۔ذرائع کے مطابق متاثرہ لڑکی گھر سے تندور پر نان لینے گئی تھی جہاں ملزم ذیشان نے زبردستی اٹھا کر نا معلوم مقام پر لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گیا۔پولیس نے واقعے کی فوری اطلاع ملتے ہی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی اور ملزم کی شناخت کرتے ہوئے اسے گرفتار کر لیا۔ایس پی (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد، 2 اشتہاریوں سمیت 26 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 2 اشتہاریوں سمیت 26 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار، (بقیہ نمبر 15)

تمام افسران محنت، جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں

ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین نے پولیس افسران کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے پولیس افسران کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سپرٹینڈنٹ آف پولیس سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے 04 انسپکٹرز، 12 سب انسپکٹرز، 09 اے ایس (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد 6 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ گوجر خان، ٹیکسلا، رتہ امرال اور آر اے بازار کے علاقوں (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، 13 سالہ بچے سے زیادتی کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیو ٹاؤن پولیس نے 13 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 13 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے بہلا پھسلا کر میرے بیٹے کو گھر لیجا کر زیادتی کی، نیو ٹاؤن پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، متاثرہ بچے کا میڈیکل پراسیس کروایا گیا ہے۔

بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کا آغاز

تمام سرکل وسیکٹر انچارجز کو شہر کے تمام داخلی راستوں پر خصوصی ٹیمیں تعینات کرنے کیساتھ زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل کرنے کا حکم

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ راولپنڈی ٹریفک پولیس کی ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے، چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ٹریفک پولیس کی جانب سے بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکلسٹ سواروں کیخلاف ایک بار پھر سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا۔سی ٹی او راولپنڈی کی جانب سے لاء انفورسمنٹ کے حوالے سے تمام سرکل وسیکٹر انچارجز کو شہر کے تمام داخلی راستوں پر خصوصی ٹیمیں تعینات کرنے کیساتھ زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل کرنے کا حکم دیا گیا۔اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی (بقیہ نمبر 18)

ممتاز عالم دین مولانا سید سلمان حسینی ندوی انتقال کر گئے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے ممتاز عالم دین، مصنف اور خطیب مولانا سید سلمان حسینی ندوی 72 سال کی عمر میں لکھن میں انتقال کر گئے۔ان کے انتقال کی خبر ان کے آفیشل فیس بک پیج پر جاری کی گئی جس کے مطابق ان کی تدفین کا جامعہ سید احمد شہید کٹولی ملیح آباد میں کرنے کا بتایا گیا۔مولانا سید سلمان حسینی ندوی برصغیر کی معروف دینی درسگاہ دارالعلوم ندوۃ العلما میں استاد رہے، دینی، تعلیمی، فکری اور بین الاقوامی علمی حلقوں میں ان کی خدمات کو غیر معمولی اہمیت حاصل تھی۔

ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے محرم الحرام کے دوران، بہترین فرائض انجام دینے والے سٹی زون کے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تعریفی اسناد سے نوازا

اسلام آباد: کھنہ پولیس نے ایس ایچ او عامر حیات کی سربراہی میں کریک ڈاؤن کے دوران موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لئے

لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کیخلاف کارروائی

پولیس نے متاثرہ لڑکے کی درخواست پر افتخار کیخلاف کارروائی شروع کر دی

فتح جنگ (نمائندہ خصوصی) فتح جنگ کے رہائشی لڑکے کے تھانہ فتح جنگ میں درخواث دی کہ میری افتخار احمد ولد اشتیاق احمد سکنہ چاندنی چوک سے سلام دعا تھی ایک افتخار احمد مجھے بہلا پھسلا کر مچھلی کے شکار کے بہانے مٹھوخان ڈیم کی طرف لے گیا اور وہاں جا کر میرے ساتھ نازیبا حرکات کرنے لگا جس پر میں نے چیخ پکار شروع کر اور کچھ لوگ آواز سن (بقیہ نمبر 2)

ملک بھر کے بینکس، مالیاتی ادارے (کل) بند رہیں گے

بینکاری نظام میں عوامی ٹرانزیکشنز معطل رہیں گی، اسٹیٹ بینک

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ یکم جولائی بروز بدھ کو ملک بھر کے بینکس اور مالیاتی ادارے بند رہیں گے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی مالی ادارے اور مائیکروفنانس بینک بھی تعطیل کے باعث بند رہیں گے تاہم بینکوں کے ملازمین معمول کے مطابق دفاتر میں حاضر ہوں گے جبکہ بینکاری نظام میں عوامی ٹرانزیکشنز معطل رہیں گی۔

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے

''آئی جی پی شکایت سیل 1715'' پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں

اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے ،انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے،اس (بقیہ نمبر 19)

کندھ کوٹ میں مذہبی تنازع خوش اسلوبی سے حل

مذاکرات کے بعد فریقین میں بھائی چارے کی فضا بحال

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: گزشتہ چند روز سے جاری مذہبی معاملہ ضلعی انتظامیہ کی بروقت مداخلت اور مقامی عمائدین کی کاوشوں سے خوش اسلوبی کے ساتھ حل کر لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کندھ کوٹ آغا شیر زمان، ایس ایس پی محمد مراد گھانگھرو، دل مراد ڈاہانی، ڈاکٹر مہر چند، غلام مصطفیٰ میرانی اور حضور بخش مغل کی مشترکہ کوششوں سے دونوں مکاتب فکر کے نمائندوں کو ایک میز پر بٹھا کر تمام خدشات اور تحفظات دور کیے گئے ۔مذاکرات کے (بقیہ نمبر 3)

ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کے ہمراہ اہم میٹنگ۔ایس پی ٹریفک اور زونل ڈی ایس پیز نے شرکت کی

سیاحوں اور مقامی شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ضلع مری جناب کامران کا جھیکا گلی کا تفصیلی دورہ

مری (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ضلع مری، جناب کامران نے ڈائریکٹر انجینئرنگ ہارٹیکلچر انجینئی مری کے ہمراہ جھیکا گلی کا تفصیلی دورہ کیا۔دورے کے دوران جھیکا گلی میں شہری خوبصورتی، عوامی سہولیات کی بہتری، صفائی، گرین بیلٹس کی ترقی اور سیاحوں و مقامی شہریوں کے لیے مزید آسانیاں پیدا کرنے کے حوالے سے مختلف (بقیہ نمبر 4)

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا ٹیکسلا کے علاقہ میں 13 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

13 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے موثر سیکورٹی انتظامات

جلوس کی سکیورٹی کے لئے روف ٹاپ پر ماہر نشانہ باز بھی تعینات رہے

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا کے علاقہ میں 13 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے،1200 سے زائد افسران واہلکاروں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا کے علاقہ میں 13 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے،1200 سے زائد افسران واہلکاروں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے،ٹریفک انتظامات کیلئے 60 سے زائد افسران و اہلکاروں نے فرائض (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن جاری

19 مشکوک افراد، 26 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 19 مشکوک افراد اور 26 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری (بقیہ نمبر 21)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

عوامی مسائل کے حل کیلئے باقاعدگی سے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے

ملکی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام افسران ضلعی انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں، ڈپٹی کمشنر کشمور

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی برائے سوشل پولیٹیکل ڈومین کمیٹی کا اجلاس

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی برائے سوشل پولیٹیکل ڈومین کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل گل محمد جکرانی، وائس چیئرمین الطاف خان کھوسو، چیئرمین میونسپل میر راشد خان سندرانی اور وائس چیئرمین شیر محمد سہریانی اور تعلقوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ایس پی، وفاقی وصوبائی محکموں کے افسران ضلعی انجیوز کے عہدیداران نے بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس کے زیر اہتمام تقریب تقسیم اسناد میں طالبہ کو میڈل پیش کر رہے ہیں

چوری کیس میں ویڈیو شہادت پیش کرنے کیلئے مہلت دیدی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سندر کے علاقے میں سونا اور دیگر گھریلو اشیاء کی چوری کے مقدمات میں نامزد ملزمان کی درخواست ضمانت پر سماعت کرتے ہوئے وکیل صفائی کو ویڈیو شہادت پیش کرنے کے لیے آئندہ سماعت تک مہلت دے دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد طارق ندیم نے ملزم کبیر احمد اور دیگر کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔دوران سماعت تفتیشی افسر سندر اور دیگر پولیس افسران سرکاری وکیل کے ہمراہ عدالت (بقیہ نمبر 22)

شہید رینجرز اہلکار نائیک معظم علی مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

اہل دیہہ اور شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت، شہید کو آخری سلامی پیش

نارووال (این این آئی) کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر دہشتگردوں کے حملے میں وطن پر جان قربان کرنے والے پاکستان رینجرز کے بہادر سپوت نائیک معظم علی شہید کو ان کے آبائی گاؤں گورالہ میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں پاکستان رینجرز کے افسران و اہلکاروں ، اعلیٰ عسکری (بقیہ نمبر 23)

ساہیوال، بہن بھائی سمیت تین کمسن بچوں کا جبرا اغوا، مقدمات درج

ساہیوال (این این آئی) بہن بھائی سمیت تین کمسن بچوں کو جبرا اغوا کر لیا گیا۔ہڑپہ شہر میں محلہ بھٹیاں پل بارشن کے محمد یار کا 10 سالہ بیٹا محمد ابو بکر دینی مدرسہ تعلیم کے لیے چاہ لکانوالہ ہڑپہ شہر جانے کے لیے گھر سے نکلا جب شام کو بچہ واپس گھر نہ آیا تو درس کے قاری محمد ایوب نے بتایا کہ بچہ آج درس نہیں آیا جسے راستے میں ہی نا معلوم ملزموں نے اغوا کر لیا۔ چک 113 نو ایل میں رانی بی بی خاتون کا بیٹا علی رضا 12 سالہ اور اسکی بہن مریم 9 سالہ گھر (بقیہ نمبر 24)

پاکستان سے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں

جو مسائل پیدا ہوئے ہیں وہ دونوں فریقوں کے لیے نقصان دہ ہیں، افغان سفیر

کابل (این این آئی) پاکستان میں امارت اسلامیہ افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے کہا ہے کہ افغان حکومت پاکستان کے ساتھ بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنا چاہتی ہے۔افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ افغان حکومت کی پالیسی پاکستان کے ساتھ تمام مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنا ہے۔سردار احمد شکیب نے کہا کہ کابل اور اسلام آباد کے درمیان مسائل نے دونوں ممالک (بقیہ نمبر 25)

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات براہ راست سنیں

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کھلی کچہری میں شہریوں سے براہ راست ملاقات کی

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

اے آئی جی آپریشنز سعود خان نے سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات و مسائل کو بغور سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات براہ راست سن کر ان کے فوری ازالے کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کھلی کچہری میں شہریوں سے براہ راست ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری اور موثر حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری (بقیہ نمبر 26)

زیادتی کی شکایت پر ملزمان کا لڑکے پر تشدد، زندہ دفن کرنیکی کوشش

لڑکے نے ملزم کے بھائیوں سے شکایت کی تو الٹا اسی کو اغوا کر کے تشدد کیا گیا، پولیس

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں لڑکے کو زندہ دفن کرنے کی کوشش کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق متاثرہ لڑکے سے ملزمان کے بھائی نے مبینہ زیادتی کی تھی،لڑکے نے ملزم کے بھائیوں سے شکایت کی تو الٹا اسی (بقیہ نمبر 28)

حیدر آباد کا سرکاری اسکول دنیا کے بہترین اسکولوں کی فہرست میں شامل

حیدر آباد (این این آئی) حیدر آباد کے ایک سرکاری اسکول کو دنیا کے بہترین اسکولوں کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ورلڈز بیسٹ اسکول پرائزز کا انعقاد عالمی تعلیمی ادارے T4 Education کی جانب سے کیا جاتا ہے، یہ ایوارڈز دنیا بھر کے ایسے اسکولوں کی حوصلہ افزائی کے لیے شروع کیے گئے تھے جو تعلیم،طلبہ کی فلاح اور معاشرتی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ورلڈ بیسٹ اسکول پرائزز کو تعلیم کے معتبر ترین عالمی اعزازات (بقیہ نمبر 27)

تشدد کی سیاست کسی صورت قابل قبول نہیں، چوہدری شافع حسین

چوہدری شجاعت حسین کا شوکت علی گڈگور کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے پارٹی کے رکن شوکت علی گڈگور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے مسلم لیگی رہنما میاں انوار حسین گڈگور پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خاندان سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ چوہدری شجاعت حسین اور پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 29)

سی سی ڈی پولیس حراست سے فرار، خطرناک ڈکیت مقابلے میں جاں بحق

ساہیوال (این این آئی) سی سی ڈی پولیس کی حراست سے فرار ہونے والا خطرناک ڈکیت قاتل ذوالقرنین علی ماہی 9 گھنٹے بعد پولیس مقابلہ میں مارا گیا۔دو فرار ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ سی سی ڈی پولیس کی ایک ٹیم چک 131 نو ایل میں 19 سالہ چرواہے محمد عمران کے گرفتار ڈکیت قاتل سے آلہ قتل چھری کی برآمدگی کے لیے لیکر پولیس کانسٹیبل محمد عثمان جھکڑی سمیت جب سرکاری گاڑی نمبر 47 ایس ایل جی سے اتر کر نشاندہی کی (بقیہ نمبر 30)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نو پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو رعایت نہ دی جائے

فٹ پاتھ پر پیدل چلنے والوں کا حق ہے فٹ پاتھ پر کسی قسم کی پارکنگ یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شاپنگ مالز، مارکیٹس اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شاپنگ مالز، تجارتی مراکز، مارکیٹس اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، خلاف ورزی پر گاڑیوں کیلئے بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے اور روڈ ڈسپلن کو متاثر کرنے والے ڈرائیورز کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس (بقیہ نمبر 31)

راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

چھینے گئے 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار کر کے 2 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چھیننے اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے (بقیہ نمبر 32)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-